الزام نمبر 8

جی ہاں سائل کو مندرجہ بالا وجوہ کی بنا پر آپ جیسے انا پرست افسروں نے ملازمت سے فارغ کر دیا تھا جو کسی کے بنیادی انسانی حقوق اور اُس کے رزق کا بھی خیال نہیں کرتے جیسا کہ آپ فوری طور پر رہائش کا بندوبست کیے بغیر سائل کا تبادلہ کرتے رہے اور اب سروس سے Dismiss کرنا چاہتے ہیں تا کہ سائل کوئی اور ملازمت بھی نہ کر سکے۔

الزام نمبر 9

مندرجہ بالا حقائق کی روشنی میں عدالتی حکم کی تعمیل کا آپ کا دعویٰ سراسر غلط اور بے بنیاد ہے اور حسب ضابطہ اور حسب وعدہ پُر زور اصرار کے باوجود سائل کی حسب سابق پھر بیانات کی نقول نہ دی گئی اور آپ لوگ حسب ضرورت اُن بیانات میں ردو بدل کر ڈالتے ہیں۔

الزام نمبر 10

آپ کا یہ کہنا غلط ہے کہ انکوائری حسب ضابطہ ہوئی بلکہ درخواست ضابطہ ہوئی۔

ایاز صاحب کا یہ بھی کہنا ہے کہ انکوائری افسر نے سب کو رشوت کی پیشکش کی اور جس نے رشوت نہ دی اُس کے خلاف اور جس نے رشوت دی اُس کے حق میں لکھتا۔

نوٹ: عدالتی فیصلہ پر عمل درآمد اور سروس بحالی میں دیر ہوئی اور نوٹیفیکیشن موصول نہ ہوا تو سائل نے پاکستان سٹیزم پورٹ" پر اپنی

الزام نمبر 7

افسوس صد افسوس کہ جو خود دوسروں سے نالاں ہیں آپ اُنہیں اُس سے نالاں قرار دیتے ہیں اور اگر یہ نالاں ہیں تو اس میں سائل کا کوئی قصور نہیں افسوس کہ آپ ادارہ کا ماحول خراب کرنے کا ذمہ دار ظالمانہ طور پر سائل کو قرار دیتے ہیں۔

☆ جہاں تک اعلیٰ حکام تک رسائی کا تعلق ہے تو سائل نے براہ راست ایسا نہ کیا بلکہ آپ سے مایوس ہونے کے بعد یہ سائل کا بنیادی حق ہے مگر عبدالبصیر افغانی صاحب جیسے لوگ جو ملک کی اعلیٰ ترین اتھارٹی یعنی سابق صدر پاکستان جناب جنرل محمد ضیاء الحق شہیدؒ کو اپروچ کر کے خصوصی پوسٹ اپنے لئے تخلیق کروا کے بھرتی ہوئے اور ایاز صاحب کے علاوہ دیگر لوگ جو تنظیمیں بنا کر براہ راست اعلیٰ حکام تک رسائی رکھتے ہیں وہ آپ کو نظر نہیں آتے۔ پاکستانی معاشرہ کا یہ علمیہ ہے کہ وہ کم تر اتھارٹیز پر دباؤ کی غرض سے براہ راست اعلیٰ اتھارٹیز کو اپروچ کرتے ہیں اور جب سائل نے علی زمان صاحب کو اُن کی طعنہ زنی کے جواب میں کہا کہ آپ نے الیاس صاحب کے ساتھ کیا کیا؟ تو اُنہوں نے کہا کہ الیاس صاحب کا معاملہ حد سے بڑا ہوا تھا اور وہ ہمیں ماں بہن کی گالیاں دیتے تھے جس پر ایک مرتبہ ہم ایک MPA یا MNA کے پاس چلے گئے کے اِسے یہاں سے ٹرانسفر کریں تو اُس نے پوچھا کہ پھر کس کو لگاؤں؟ تو ہم نے کہا کہ اللہ بخشے مس فرحت کو لگائیں اُس نے وجہ پوچھی تو ہم نے کہا کہ وہ عورت ہے اگر وہ ہمیں گالی بھی دے گی تو وہ زیادہ سے زیادہ یہی کہے گی ذلیلو! کمینوں! وغیرہ۔ الیاس صاحب کی طرح مردانہ گالیاں تو نہیں دے گی۔

یہ باتیں وہ ایاز صاحب اور اُن کی معرفت محترمہ شمشاد صاحبہ کو خوش کرنے کے لئے اور اُن کے سامنے ہیرہ بن کر کہہ رہے تھے اور سائل کے اِس اعتراض کہ مادام نے جو نابینا افراد کی توہین ٹیلفون کال پر کی اِس کا ڈیٹا تنظیم نے حاصل کیوں نہ کیا؟ علی زمان صاحب نے ایاز صاحب کو شے دی جو لاجواب ہو چکے تھے اور یہ بھی کہا کہ ہم افسروں کا کچھ نہیں کر سکتے حالانکہ کچھ ہی دیر پہلے الیاس صاحب کے متعلق وہ کچھ اور فرما رہے تھے۔

علی زمان صاحب پیٹھ پیچھے مادام وغیرہ کے خلاف جو باتیں کرتے رہے اُس حوالے سے الحمدوللہ شکر گزار ہوں کہ مادام وغیرہ سائل کے مؤقف سیا لکل مطمئن ہیں۔ جب 2009ء میں مادام کا پشاور تبادلہ ہوا اور علی زمان صاحب جو اوپر اوپر سے اِن کے ساتھ تھے اور اندر اندر سے جڑیں کاٹ رہے تھے سائل سمیت کئی لوگوں سے کہا کرتے تھے کے ایک کنوارہ شخص جب پہلی مرتبہ اپنی بیوی کے پاس جاتا ہے تو جلدی فارغ ہو جاتا ہے اُس نے چونکہ عورت پہلی مرتبہ دیکھی ہوتی ہے لہذا جوش میں جلدی جلدی فارغ ہو جاتا ہے۔ مگر بعد ازاں وہ زیادہ وقت لگاتا ہے اور سائل سے بھی کہا کرتے تھے کہ تم جیسا کنوارا شخص جب پہلی مرتبہ بیوی کے پاس جائے گا تو جوش کی وجہ سے جلدی فارغ ہو جائے گا جو کہ شاید علی زمان صاحب نے اپنا ذاتی تجربہ بیان کرتے ہوئے کہا کہ اسی طرح میڈم بھی پہلی مرتبہ جلدی فارغ ہو گئی۔ اب جب وہ دوبارہ آئے گی تو جلدی ہماری جان نہیں چھوڑے گی اور 16 سال اُس کی سروس باقی ہے وہ ہمیں نوچ نوچ کر کھائے گی۔ جناب والا! ایسی بے ہودگی ریکارڈ کا حصہ کیوں نہیں بنتی؟ کیا سب لوگوں میں صرف ایک سائل ہی بے ہودہ ہے؟

گزشتہ دنوں بری محفل میں مذکورہ رجوع کی بنا پر ایاز صاحب و مادام نے بری محفل میں علی زمان صاحب کو بے نقاب کیا اور اس بات پر بھی سرزنش کی کہ آپ ہمیشہ اپنے آپ کو ہی عقلِ کُل سمجھتے ہیں۔ آپ سجاد وغیرہ کو ہمیشہ مس گائیڈ کرتے ہیں۔ سجاد ایک دلیر آدمی ہے وہ جو بات بھی کہتا ہے سامنے کہتا ہے آپ کی طرح منافقت نہیں کرتا اور آپ اپنی خاتون افسر کے بارے میں مذکورہ بالا بے ہودہ گفتگو کرتے اور اسے شادی شدہ اور کنواری عورت جیسی مثالوں سے یاد کرتے ہیں جہاں خواتین کا

جب کوئی بھی اِس کا ساتھ دینے کو تیار نہ تھا؟ کیوں اِس کی ضمانت کرائی اور اِن کے ساتھ مل کیوں نہیں گئے؟ ایاز صاحب نے کہا کہ اگر حمایت کروں تو تب بھی جان نہیں چھوڑتے اور مخالفت کروں تو بھی جان نہیں چھوڑتے۔ سائل نے کہا کہ جب وقت تھا تب تو آپ نے حمایت کی نہیں اور اگر کرتے تو یہ نوبت نہ آتی اور علامہ اقبال کا مصرع ہے کہ:

یہ ناداں گر گئے سجدے میں — جب وقت قیام آیا

اُنہوں نے کہا کہ ہمیں تو دیر سے اب جا کر کہیں اِن زیادتیوں کا پتہ چلا ہے۔ حالانکہ سائل کی گزشتہ تحاریر یہ بھی بتاتی ہیں کہ انہیں بار بار پہلے بھی پتا چلتا رہا مگر یہ سائل کے والدین کو اپنے ساتھ ملا لیتے تھے۔

☆ سائل نے یہ بھی مئوقف اختیار کیا کہ **اگر سائل کو جھوٹی درخواست بازی کی عادت ہوتی تو ان پر قائدِ اعظم کو گالیاں دینے کے علاوہ علامہ اقبال کو بھی گالیاں دینے کا الزام لگاتا** جو کہ کبھی نہ تو شمشاد صاحبہ پر لگایا اور نہ ہی صاحبزادہ شمس الرحمان وغیرہ پر اور صاحبزادہ شمس الرحمان جو مستغیث اور سائل کے خلاف موقع کا گواہ بنا ہوا تھا اور سائل کی درخواستوں میں اہم نامزد ملزم ہے اِس پر بھی سائل کو جرح کا موقع نہ دیا گیا بلکہ اِسے بھی باعزت ریٹائر کر دیا گیا جو عدالت سیشن کورٹ نے بعد از ریٹائرمنٹ اِسے بھی طلب کیا تھا اور ایک تاریخ ساعت پر چیئر مین سروس ٹربیونل نے بعد از ریٹائرمنٹ ریاض الحق ثانی جھوٹے انکوائری افسر کو بھی طلب کیا جو وہ پیش نہ ہوا اگر عدالتیں اِنہیں بطور گواہ بعد از ریٹائرمنٹ بھی طلب کر سکتی ہیں تو یہ ایسا کیوں نہیں کر سکتے تھے۔

الزام نمبر 6

اگر آپ کا یہ دعویٰ درست ہے کہ سائل بے جا درخواست بازی کا عادی ہے تو مندرجہ بالا حقائق کو جھٹلایا جائے۔ نیز اگر آپ نے سائل کو پھنسانہ ہی تھا تو اِن درخواستوں کی بنا پر بھی بہت پہلے سائل کو نہ صرف ملازمت سے فارغ کر سکتے تھے بلکہ جیل بھی بھجوا سکتے تھے مگر چونکہ یہ ممکن نہ تھا لہذا آپ نے ہر ایک کی ہمدردیاں حاصل کرتے ہوئے سائل پر زہر کا گھناؤنا الزام لگایا جو اگر سائل آپ سے Deal کر لے تو بہت اچھا ہے ورنہ زندگی بھر کے لئے اِس الزام وغیرہ کو سائل کے خلاف بلیک میلنگ کا ذریعہ سمجھ رکھا ہے۔

اگر مادام اور ایاز صاحب وغیرہ نے اپنا ماضی کا منفی رویہ ترک کرتے ہوئے سائل کو تنظیمی رکنیت دینے کا بھی وعدہ کر لیا ہے جو کہ سائل پہلے بھی یہ کام Deal کے ذریعے کر سکتا تھا اور مادام جنہوں نے سائل کو بھرتی کروایا وہ اِسے تنظیمی رکنیت بھی دلوا سکتی تھیں اور سائل اِن حالات تک نہ پہنچتا اگر اِن سے سائل کا اختلاف نہ ہوتا مگر مذکورہ حکومتی بے غیرتی کا سائل کو قطعاً اندازہ نہ تھا۔

☆ جہاں تک گمنام درخواستوں کا تعلق ہے تو سائل کی الحمدوللہ اِس خوبی کو عادل صاحب نے بھی تسلیم کیا اور محترم ایاز صاحب وغیرہ بصد شکری تسلیم کرتے ہیں کہ سائل کو بزدلوں کی طرح چھپ کر پیچھے سے وار کرنے کی عادت نہیں اور سائل جو بھی بات کرتا ہے برملہ ڈنکے کی چوٹ پر کرتا ہے لیکن آپ جیسے لوگ گمنام درخواستیں دینے پر انسان کو خود مجبور کرتے ہیں اور اتنے گھٹیا اور بے شرم ہیں کے خواہ کوئی گمنام درخواست کے ذریعے ہی کسی جرم کا ناقابلِ تردید ثبوت پیش کر دیں تو اُس جرم کو جرم سمجھنے کے بجائے گمنام درخواست کو ہی جرم قرار دیتے ہیں۔ کاش سائل نے بھی گمنام درخواستیں دی ہوتیں یا سچ مچ زہر ملایا ہوتا "بد سے بدنام بُرا" کے مصداق سائل کی آج اتنی بُری حالت نہ ہوتی۔ ایاز صاحب وغیرہ سائل کے گمنام درخواستوں کے حوالے سے مئوقف سے مطمئن ہیں۔

کی کمزوری پر بھی دلالت کرتی ہے اور جیل میں بے گناہ لوگ بلکہ مقدس ہستیاں بھی جاتی رہی ہیں۔ یہ کوئی سزا کا حتمی اور قطعی پیمانہ نہیں ہے۔ جب تک کوئی ملزم عدالت سے سزا یافتہ ہو کر مجرم نہ بن جائے اور پولیس تو ویسے بھی بااثر لوگوں کے تابع ہے۔ تاہم مندرجہ بالا تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ پولیس اور پبلک کی نظر میں آپ بھی قصوروار ہیں یہ تو سائل کو آپ پر احسان ہے کہ اُس نے تا حال آپ پر ہرجانہ کا دعویٰ نہ کیا مگر آپ سائل کو مسلسل بدنام کیے جا رہے ہیں۔ عدالت سے بریت کے بعد انسان قصوروار نہیں رہتا اور اگر آپ نظامِ عدل کے مقابلہ میں عوامی یا قدیم معیارات کو پسند کرتے ہیں جو سنی سُنائی بات کو بھی مان لیتے ہیں اور گالیاں وغیرہ بھی دیتے ہیں تو یہ لعنت آپ کو مبارک ہو، اللہ کی لعنت ہو جھوٹوں پر، اللہ کی لعنت ہو ظالموں پر۔

الزام نمبر 4

جو شخص جائز یا ناجائز طور پر 24 گھنٹے سے زیادہ پولیس تحویل میں چلا جائے تو وہ قانوناً معطل ہو جاتا ہے مگر آپ نے دوران معطلی سائل کا تبادلہ کس قانون کے تحت کیا؟

اگر قسمت خان جیسے لوگ باعزت ریٹائر ہوئے ہیں تو اِس کے ذمہ دار آپ اور آپ کے انکوائری افسر جیسے لوگ ہیں جو سائل کے خلاف جھوٹی انکوائریاں کر کے معاملات کو اُلجھاتے رہے اور اُنہیں باعزت ریٹائر ہونے کا موقع مل گیا اور گوہر رحمان خاکروب بھی FIR کے باوجود باعزت ریٹائر ہونے میں کامیاب ہو گیا!۔ اگر سائل غلط اور آپ برحق اور آپ کی انکوائریاں درست ہیں تو اِن تمام اعتراضات کا آپ کے پاس کیا جواب ہے؟

الزام نمبر 5

سائل قبل ازیں اِس پر تفصیلی بات کر چکا ہے اور جن لوگوں کی تقرریاں ہی سرے سے غلط ہیں اُن کا آپ کے پاس کیا جواب ہے؟ نیز اگر آپ سائل کے خلاف ہر قسم کی گواہی قبول کر لیتے ہیں تو سائل کے اہل خانہ کی گواہی کیوں قبول نہیں کرتے کہ سائل تو آتا رہا مگر اِسے اندر آنے نہیں دیا گیا؟ نیز وہ ٹیلیفونک ریکارڈ جو ناقابلِ تردید ہے کیوں اس کیس کا حصہ نہیں بنایا جاتا؟

☆ یہ کہ جب انکوائری افسر نے بھی زخموں پر مزید نمک چھڑکتے ہوئے سائل کے گھریلو معاملات کو چھیڑا اور جس کا سائل کو نہایت دکھ ہے کہ یہ حکومت پہلے مرتبہ سائل کے نجی / گھریلو معاملات کے حوالے سے بھی سائل کی عزت اُچھال رہی ہے۔ بہرحال سائل نے کہا کہ یہ خود مانیں گے کہ اِس معاملہ میں بھی سائل برحق ہے جس پر انکوائری افسر نے کہا کہ یہ کیا ثبوت ہوا؟ سائل نے کہا کہ اعتراف تو سب سے بڑا ثبوت ہوتا ہے جیسا کہ آپ بار بار سائل کے خلاف نام نہاد اعترافِ جرم کی رٹ لگاتے ہیں۔

چنانچہ اگلی پیشی پر جب سب اکٹھے تھے تو ایاز صاحب نے بصد شکر یہ خود ہی کہہ دیا کہ ''جناب اِسے اِس حالت تک پہنچانے والا اِس کا باپ ہے'' سائل نے کہا کہ میرے اور ایاز صاحب کے درمیان یہ بات مشترک ہے کہ میرے اور انکے گھر میں معذوری تقریباً ایک جیسی ہے اور ہم بھی گھر میں چار بہن بھائی معذور ہیں۔ لیکن ہمیں افرادِ خانہ میں شمار نہیں کیا جاتا اور صرف غیر معذور بچوں کو ہی افرادِ خانہ قرار دیا جاتا ہے جس پر ایک ایک بات کی ایاز صاحب تائید کرتے جا رہے تھے جسے ریکارڈ کا حصہ نہیں بنایا گیا اور سائل نے کہ کہا کہ اب ایاز صاحب وغیرہ کو تکلیف یہ ہے کہ سائل کے ماں باپ نے اُس وقت اِس کا ساتھ کیوں دیا

نہیں اور صرف سائل ہی کے متعلق بدنیتی کی بنا پر یہ جملہ حسب سابق لکھ ڈالتے ہیں کہ سارے نظامِ عدل سے جان ہی چھڑا لی جائے۔ جناب والا! آپ کی جان اتنی جلدی چھوٹنے والی نہیں۔

بدقسمتی سے ویسے تو وکلاء کا دین دایمان صرف پیسا ہوتا ہے اور جو ان کے پاس پہلے پہنچ جائے بس وہی حق پر ہوتا ہے لیکن محترمہ سہرش حبیب صاحبہ نے عجیب منطق پیش کرتے ہوئے سب کچھ دیکھنے بھالنے کے باوجود بھی سائل سے کہا کہ وہ اس کا کیس لینے سے پہلے مزید تحقیقات کریں گی اور اگر واقعی اس نے زہر ملایا ہوا تو یہ اپنے ضمیر پر بوجھ نہیں لیں گی لیکن اِن نابیناؤں میں سے جب کوئی بڑا ہو کر ان عورتوں سے شادی کی خواہش کرتا ہے تو اسے زندہ رکھتے ہوئے ہر پل تڑپا تڑپا کر مارتی ہیں۔ بہر حال جناب والا! کیا آپ اِن بچوں کے جملہ غلط کرتوتوں کی ذمہ داری بھی لینے کو تیار ہیں؟ جن کا نا آپ کچھ کر سکتے ہیں اور نہ کسی کو انہیں زہر دینے دیتے ہیں۔

الزام نمبر 2 کا جواب:

جی جناب والا! مذکورہ بالا وجوہ کی بنا پر بذریعہ نام نہاد FIR مذکورہ کے تحت سائل بے گناہ زیر حراست پولیس رہا اور FIR تو آپ پر بھی مذکورہ وجوہ کی بنا پر بنتی ہے۔ گزشتہ دنوں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر صاحب ایبٹ آباد کو جو سائل کی جانب سے آن لائن IG آفس سے شکایت آئی جس میں ہمارے ادارہ جات وتنظیمات کا منفی کردار بھی بیان ہوا تھا تو اُنہوں نے سائل سے پوچھا تھا کہ اِن اداروں وتنظیمات میں سے کس کس پر پرچہ کیا جائے تو اُس وقت تو سائل نے درگزر کیا اور معاملہ کو التواء میں ڈالنے کی درخواست کی لیکن اب خصوصاً IG صاحب خیبر پختونخواہ پشاور سے گزارش ہے کہ آپ کے خلاف بھی حسب ضابطہ مذکورہ جرائم کی تمام تر دفعات کے تحت FIR درج/رجسٹر کی جائے۔

آپ تو اداروں کو ایسے چلاتے ہیں جیسے یہ آپ کی ذاتی یا باپ دادا کی ملکیت ہوں جو آپ کو ورثے میں ملے ہوں۔ جب تک سائل آپ کی غلط کاریوں کو چیلنج نہ کرے تو جیسا کہ قاری سعد نور صاحب گواہ ہیں کہ ایاز صاحب نے کہا کہ سجاد آج کل بہت اچھا ہو گیا ہے اور جب کوئی شکایت کرے تو آپ اُسے یوں بلیک میل کرنے لگتے ہیں۔

الزام نمبر 3:

چونکہ پولیس نے آپ لوگوں کی طرح سائل کو قبل از گرفتاری ضمانت کا موقع نہ دیا اور جو دفعات آپ پر لگنی چاہییں اگر لگ جائیں تو آپ کی انشاء اللہ ساری زندگی رہائی ممکن نہ ہو گی۔

چونکہ سائل کے اہل خانہ کو بھی لاعلم رکھتے ہوئے پرچہ کٹنے کے بعد بتایا گیا اور چونکہ سائل اور اِس کے وکلاء نیز سائل واہل خانہ کے درمیان رابطہ کا فقدان تھا لہذا ایک تو وکلاء کی تضاد بیانیوں سے سائل کی ضمانت لوئر کورٹ میں مسترد ہوئی جیسا کہ رضوان صاحب وغیرہ نے کہا کہ سائل میں بالکل بھی پانی میں کوئی چیز نہ ملائی اور نہ ہی پانی کے قریب گیا مگر ملک تیمور اعوان نے کہا کہ ٹینکی صاف کرنے والے گولیاں ملائیں اور دوئم یہ کہ مخالفین نے مجسٹریٹ کے دائرہ اختیار کو ہی چیلنج کر دیا جس کے باعث سائل کو وقتی طور پر ضمانت منسوخی کی اذیت کا سامنا کرنا پڑا لیکن الحمد واللہ مورخہ 12-12-2014 کو ضمانت پر رہا ہوا اور ضمانت پر رہائی کیس

کوئی NGO نہیں چلاسکتا۔ سائل نے یہ سوچا کہ میں اکیلا اور کمزور ہوں جس کے باعث کوئی بھی میری بات خواہ کتنی ہی معقول کیوں نہ ہو سننے کو تیار نہیں ہوتا۔ چنانچہ اس مرتبہ کہتا ہوں کہ میں بھی تو تنظیم کا رکن ہوں مگر عادل خان صاحب نے اس پر بھی سائل کے خلاف نقطہ چینی شروع کر دی اور کہ آپ کی رکنیت تو غیر قانونی ہے آپ کو رکن بنایا کس نے ہے؟ سائل جو سوچ رہا تھا کہ وہ تنظیمی رکنیت سے پہلے دوران ملازمت NOC لے لے گا لیکن سائل کو یہ معلوم نہیں تھا کہ قانوناً ایسا کرنا لازم ہے چنانچہ عادل صاحب ے مذکورہ قانون کی بات کی تو سائل نے پوچھا کہ کیا آپ اپنی انکوائری رپورٹ میں اس بارے میں لکھیں گے؟ کیا اس مرتبہ تو ایسا نہیں ہوگا کہ آپ پھر جھوٹی انکوائری لکھیں کہ سائل جھوٹا ہے اور یہاں کوئی بدعنوانی، کوئی کرپشن، کوئی لاقانونیت، کوئی قانون شکنی ،کوئی انتظامی مسئلہ اور کوئی بُرائی نہیں؟

اب ایاز صاحب انکوائری افسر کو ہرجانہ کا نوٹس بھیجنے کا ارادہ رکھتے ہیں اور یہ ظاہر کرنا چاہتے ہیں کہ انکوائری افسر نے خواہ مخواہ غیر متعلقہ طور پر سائل کی انکوائری میں اُن کا نام بلاجواز داخل کر دیا اور جس اُن کے بھانجے شاہنواز کو انکوائری افسر نے سائل کے خلاف عینی گواہ گردانہ وہ اب انشاءاللہ اسی انکوائری افسر وغیرہ کی رشوت وغیرہ کی بھی گواہی دے گا۔ اگر سائل کے خلاف شاہنواز کی گواہی قابل قبول ہے تو انکوائری افسر کے خلاف بھی ہونی چاہیے اور اگر اس کے خلاف نہیں تو سائل کے خلاف کیوں؟ جب کہ اُس نے عدالت میں یہ کہا تھا کہ میں نے ویڈیو ضرور بنائی مگر مجھے معلوم نہیں کہ کولر میں کیا ڈالا گیا تھا؟ نام نہاد FIR میں بھی کچھ ڈالنے کا ذکر ہے واضح طور پر زہر ا چوہے مار گولیاں ڈالنے کا ہرگز نہیں۔ FSL رپورٹ بھی غیر متوقع طور پر کافی عرصہ گزرنے کے بعد آئی اور پانی بھی فرانزک کے لئے بہت دیر سے بھیجا گیا۔ FSL رپورٹ میں جس دوا کا ذکر ہے وہ پانی میں زیادہ دیر تک اثر کر ہی نہیں سکتی۔ آپ خود بھی "Phosphine" نامی اس دوا کے بارے میں سرچ کر سکتے ہیں۔

بہر حال جب شاہنواز کا بیان لکھتے وقت انکوائری افسر کا مذکورہ بالا رویہ سامنے آیا اور اُس نے کہا کہا "آخر آپ میرے باپ ہو یا کیا ہو؟" بہر حال جناب والا! ملزم تو قانون کا لاڈلہ ہوتا ہے اس کے باوجود سائل نے اُن سے معافی مانگی اور انکوائری افسر نے سائل کو مزید سوالات کی کچھ اجازت مزید دے دی مگر مکمل نہیں۔

اگلے روز بروز جمعہ جب تجمل کا بیان ہو رہا تھا تو اُس نے کہا کہ وہ سائل سے خود کو غیر محفوظ تصور کرتا ہے اور اِس کے رویہ میں یہ تبدیلی ضرور آئی کہ کل کافی عرصہ بعد میں نے اِسے نماز پڑھتے دیکھا لیکن جس طرح یہ کل ہائپر ہوا اس کے رویہ سے خوف آتا ہے۔ لیکن ہائپر ہونے کا تفصیلی احوال جو سائل نے ذکر کیا اس کی روشنی میں اِن کی نزدیک ہائپر کرنے والا تو قصووار نہیں لیکن ہائپر ہونے والا قصوروار ہے۔ آخر ہائپر ہونے والا کہاں جائے؟ ایاز صاحب نے رات کو سائل کا مزاق اُڑاتے ہوئے یہ بھی کہا کہ "جناب ایسا کریں کے سجاد صاحب کو ہی انکوائری افسر بنا دیں" دیگر نے بھی تائید کی اور سائل نے کہا کہ سائل آپ کی طرح نہیں کے خود ہی مدعی، خود ہی منصف اور خود ہی گواہ بن جائے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ سجاد صاحب کو ٹرانسفر کر کے اپنے ساتھ لے جائیں اور جرح کرتے رہیں۔

جناب والا! جن بچوں کی خاطر یا جن بچوں کا نام استعمال کرتے ہوئے آپ سائل کو زہر خورانی کا مجرم گردانتے ہیں کیا یہ بچے اِسی طرح مذکورہ بالا امتحانی نقائص کے نتیجہ میں کامیاب ہو کر ریاست کے لئے پھر ایک چیلنج نہیں بن گئے؟ کیا اب یہ مستقبل میں نوکریوں کا مطالبہ دھرنوں وغیرہ کی صورت میں نہیں کریں گے؟ کیا جناب خضرؑ نے مستقبل کے سرکش بچے کو قتل نہیں کیا تھا؟ اور سائل پر اقدامِ قتل ثابت نہ ہونے پر بھی آپ سائل پر اِس قدر برہم ہیں اور فرماتے ہیں کہ آپ مطمئن ہیں کہ سائل نے ضرور یہ کام کیا ہے اگر ایسے ہی مطمئن ہونا ہوتا تو اتنے بڑے نظامِ عدل کی کیا ضرورت تھی؟ کیا آپ دیگر لوگوں کے اور اپنے جرائم پر مطمئن

بھی یہ کہا گیا ہے کہ گواہ پر جرح ملزم کی طرف سے ہوگی۔ظاہر ہے کہ ملزم گواہ کے متعلق بہت کچھ جانتا ہوتا ہے اور سائل نے انکوائری افسر سے یہ بھی کہا کہ میں آپ کو سوالات پوچھنے سے منع نہیں کیا اور نہ ہی میں ایسا کرسکتا ہوں لیکن میرے بھی تو کچھ سوالات ہیں جن کا مجھے پورا حق حاصل ہے۔اُس نے پھر فضول بات کی کہ اگر آپ نے ہی سارے سوالات پوچھنے ہیں تو میں یہاں کس لیے بیٹھا ہوں؟ حالانکہ سائل نے یہ نہیں کہا کہ آپ بالکل بھی کوئی سوال نہ پوچھیں نیز سائل نے کہا کہ آپ اِس لیے بھی بیٹھے ہیں کہ دوارنِ جرح ضروری مداخلت بھی فرمائیں اور سوالات کے بعد گواہوں کے بیانات کا جائزہ بھی لیں۔مگر انکوائری افسر نے کہا کہ میں آپ کے متعلق لکھوں گا کہ آپ انکوائری میں تاخیری حربہ اختیار کررہے ہیں نیز پیشتر ازیں بھی ایاز صاحب غصہ سے انکوائری افسر کو ڈکٹیٹ کرنے لگے گے" جناب ختم کریں اِس انکوائری کو ہم صبح سے یہاں بیٹھے ہوئے ہیں" یہ بھی کہا جاتا رہا کہ رات آج ہماری یہیں ہے۔اِس نے ہمارا اچھا خاصہ وقت برباد کردیا ہے۔علی زمان صاحب نے مزاق اُراتے ہوئے کہا کہ "شکوہ جوابِ شکوہ چل رہا ہے" اور سب ہنس پڑے۔سائل نے کہا کے آپ سب بے شک چلے جائیں میں آج کی تاریخ میں صرف شاہنواز سے ہی سوالات پوچھ پاؤں گا اور آپ لوگ بے جا مداخلت کرتے ہوئے اثر انداز ہورہے ہیں اور شاہنواز کے منہ میں اپنے الفاظ ڈال رہے ہیں۔لیکن اُنہوں نے کہا کہ آج ہم سب رات کو یہیں ہیں۔انکوائری افسر طیش میں آیا اور معاملہ جب سائل کی برداشت سے باہر ہوا تو سائل اُٹھ کر باہر آگیا اور کہنے لگا کہ آپ جانیں اور آپ کا کام، میری طرف سے آپ نے جو کچھ لکھا ہے یہ بھی نہ لکھیں اور حسب سابق انکوائری کرلیں نتائج کا سائل ذمہ دار نہ ہوگا۔جب سائل کو اندھیرے میں ٹھوکریں لگ رہی تھیں اور بڑی مشکل سے باہر کا راستہ ٹٹولتا ہوا باہر آیا تو انکوائری افسر کی گالیاں سنتا ہوا دوبارہ متوجہ ہوکر کہنے لگا کے" آپ پہلے انکوائری کا طریقہ سیکھیں پھر انکوائری کریں" جو کہ وہ ہر ایک کی ڈکٹیشن لے رہے تھے مگر سائل کی جائز بات بھی سننے کو تیار نہ تھے اور اب مزید طیش میں آکر کہنے لگے کہ آپ مجھے طریقہ نہ بتائیں میں آپ کے خلاف لکھوں گا۔سائل نے کہا کہ بے شک لکھیں آپ ویسے بھی سپریم کورٹ یا آخری فورم نہیں ہیں۔آپ نے پہلے بھی شدید ناانصافیاں کیں اور اپنے اختیارات سے تجاوز کرتے ہوئے اور ان کا غلط اور ناجائز استعمال کرتے ہوئے پہلے بھی سائل کو شدید مایوس کیا اور اب بھی کریں گے۔آپ ویسے بھی آخری عدالت نہیں ہیں۔انکوائری افسر نے کہا ٹھیک ہے۔

عادل خان صاحب کا یہ کہنا تھا کہ یہ انکوائری افسر شعیب میرا شاگرد ہے اور میں نے اسے ایک ٹریننگ دی تھی۔میں جیسا کہوں گا یہ ویسا ہی کرے گا۔اگرچہ قانوناً میں یہاں نہیں بیٹھ سکتا اور انکوائری میں مداخلت نہیں کرسکتا اور کچھ عرصہ کے بعد اُنہوں نے سائل سے ایک نشست میں عذر بھی پیش کیا کہ میں تو انکوائری میں بیٹھنا نہیں چاہتا تھا لیکن انکوائری افسر نے خود ہی مجھ سے ریکوسٹ (درخواست) کی کہ میں انکوائری میں بیٹھ کر اُن کی معاونت اور رہنمائی کروں، واہ واہ کیا خوب معاونت اور رہنمائی کی! سائل تو یہ سمجھ رہا تھا کہ یہ کم از کم شاہنواز اور غلام رسول صاحب کے خلاف لکھیں گے اور یہ بھی بڑی بات تھی کہ کسی کے خلاف کاروائی اگرچہ نہ ہوتی لیکن کچھ نہ کچھ لب کشائی تو ہوتی۔چنانچہ سائل نے علی زمان صاحب کے بتائے گئے فارمولہ کے مطابق تین روزوں کی منت مان لی کہ اگر کسی کے خلاف کچھ لکھا گیا تو سائل بطور شکرانہ یہ کام کرے گا جو علی زمان صاحب کی شادی کے لیے اُن کی ہم زاد نے منت مانی تھی اور جو سائل نے عمران خان کی صحت یابی و دیگر معاملات کے لئے مانی تو اب سائل یہ سمجھ رہا تھا کہ شاید کسی درجہ چہارم ملازم کے خلاف کچھ لکھ کر اُسے قربانی کا بکرہ بنایا جائے گا لیکن اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ توقع سے بھی بڑھ کر پہلی مرتبہ کسی نے محترم ایاز صاحب کے خلاف لب کشائی کی اور ایسی بات لکھی جو سائل کے بھی وہم وگمان میں نہ تھی۔سائل کو اس قانون کے متعلق علم نہ تھا کہ سرکاری ملازم کو NGO چلانے کے لئے محکمہ سے NOC لینا ضروری ہے یا یہ کہ سرکاری ملازم

کے متعلق پوچھتے رہے۔ خصوصاً 161 اور 164 کے متعلق اور سرکاری غیر حاضر ملازم کو سات دن کے اندر شوکاز نوٹس جاری کرنے والے قانون کی جب سائل نے بات کی تو عادل خان صاحب نے اِس کی تصدیق کی مگر چونکہ یہ ڈکٹیشن سائل کے حق میں جاتی تھی اِس لئے وہاں اِس بات کو اُس نے کوئی اہمیت نہ دی۔

یہ تمام باتیں جو انکوائری افسر نے قانونی طور پر یا قانون کے حوالہ جات اپنی انکوائری رپورٹ میں ذکر کیے سٹاف نے اِس بات کی سائل کے سامنے تصدیق کی اور گواہی دینے کا یقین دلایا کہ انکوائری عادل خان صاحب کے ہاتھوں کی لکھی ہوئی ہے ورنہ انکوائری افسر پشمان ہو کر سائل کے سامنے کسی کو سرگوشی کر رہا تھا کہ یہ تو وکیل ہے۔

بہر حال جب اُس نے شاہنواز کے حق میں بات کی تو سائل نے کہا کہ آپ ہمیشہ مجھے ہی ٹارگٹ کرتے ہیں آپ کو کسی نہ کسی کو تو قربانی کا بکرہ بنانا پڑے گا اِس پر وہ تینوں یعنی انکوائری افسر عادل صاحب اور DO صاحب سوچ میں پڑھ گئے اور سناٹا چھا گیا۔ پھر عادل صاحب نے پشتو میں انکوائری افسر سے کہا ''بس شاہنواز اور (چوکیدار) غلام رسول (اِس نے) فارغ کر دیے ہیں'' اور یہ بات وہ بار بار کہنے لگے۔

بہر حال جب اگلی پیشی پر سب کو اکٹھا بٹھایا گیا اور عادل صاحب اُس روز موجود نہ تھے تو انکوائری افسر اپنے رویے سے یہ ظاہر کرنے لگا کہ وہ شاہنواز کو بھی ضرور پکڑ میں لائے گا اور سائل پر یہ ظاہر کر رہا تھا کہ اگر سائل کے سوالات درمیان میں حائل نہ ہوتے تو وہ شاہنواز سے بڑے سخت سوالات کرتا اُس نے سائل سے یہ بھی کہا کہ ابھی تو آپ مجھے اپنا دشمن سمجھ رہے ہیں لیکن جب میں شاہنواز وغیرہ سے سوالات کروں گا تو پھر آپ مجھے ان کا دشمن سمجھیں گے لیکن اُس نے وعدہ خلافی کی اور شاہنواز کے اس وقوعہ کو نہ روکنے سے متعلق اُس نے از خود ہی دفاعی مئوقف اختیار کیا کہ شاہنواز کہتا ہے کہ میں نے اِسے اِس لئے نہیں روکا کہ میں اِس سے اپنا دفاع کرنا چاہتا تھا کہ بعد میں یہ میرے ساتھ دشمنی نہ کرے حالانکہ وقوعہ کو روکنے کی نسبت اِس طرح مقدمہ میں سائل کو ذلیل وخوار کرنا، تکالیف پہنچانا اور اِس کے وسائل کا نقصان کرنا منطقی طور پر زیادہ دشمنی کا باعث ہے لیکن انکوائری افسر نے سائل کو اُس سے یہ سوال نہ کرنے دیا اور کہا کہ یہ بات میں خود پوچھ لوں گا لیکن پھر وعدہ خلافی کی۔ نیز سائل کیخلاف دعویٰ کی بنیادیں بھی منہدم ہو گئی کہ پہلے یہ لوگ کہتے تھے کہ اِس کے سابقہ مشکوک کردار اور غلط حرکات کے باعث ہم نے اِس کی بھرتی کی بھی مخالفت کی اور خصوصاً جب کلیم سے ہمیں اِس کے ارادہ کا پتہ چلا تو ہم نے اِس پر خصوصی نظر رکھی اور وقوعہ کی ویڈیو بنالی لیکن اب شاہنواز سمیت سب نے کہا کہ ایسی کوئی بات نہ تھی حالات بالکل معمول کے مطابق تھے اور ہمیں یہ یقین ہی نہیں آرہا تھا کہ سائل ایسا کام بھی کر سکتا ہے۔ لہذا ہم نے اِس کی کوئی تلاشی بھی نہ لی۔ چنانچہ منطقی طور پر اگر سائل کی کوئی دشمنی کسی سے نہ تھی اور سائل پہلی مرتبہ یہ مبینہ طور پر غلط کام کر رہا تھا تو چاہیے تو یہ تھا کہ اِسے روک کر نصیحت کی جاتی اور تنبیہ کی جاتی کہ آئندہ ایسا نہ کرنا مگر مذکورہ نام نہاد ویڈیو بغیر پہلے سے طے شدہ منصوبہ اور دشمنی کے نہیں بن سکتی تھی جس کا مقصد صرف سائل کو پھنسانا تھا۔

سائل جب شاہنواز پر جرح کرنے لگا تو انکوائری افسر اپنے کلرک کو یہ کہہ کر اُٹھ گیا کہ جیسا یہ کہتا ہے یو جو یہ پوچھتا ہے وہ اور اس کے جوابات لکھتے جاؤ اور اُس نے ہر ایک کو الگ الگ موقع دینے کے بجائے سب کی یکساں سٹیٹمنٹ ریکارڈ کرنی شروع کر دی تھی مگر جب شاہنواز کے بیان کی باری تھی تو سائل کو کچھ سوالات کا موقع دیا مگر ابھی سوالات مکمل نہ ہو پائے تھے کہ پہلے ہی آکر شور مچانا شروع کر دیا کہ ہم صبح سے اِس کی آواز سن رہے ہیں۔ سوالات پوچھنا صرف میرا حق ہے اور عدالت نے صرف اتنا کہا کہ اِسے سامنے بٹھا کر سوالات اِس کے سامنے پوچھیں یہ نہیں کہا کہ اِسے بھی سوالات پوچھنے دیں حالانکہ یہ کسی بھی ملزم کا حق ہوتا ہے کہ وہ گواہ کی بدنیتی کو سامنے لائے اور یہ واضح کرے کے گواہ اِس کے خلاف گواہی کیوں دے رہا ہے اور ضابطہ دیوانی میں

تمام مسلمہ جرائم کے باوجود باعزت ریٹائر ہو رہا ہے جسے روک کر ملازمت سے معطل کرتے ہوئے ریٹائرمنٹ سے محروم کیا جائے؟ کیا اُس 300 صفحات کی درخواست میں 1998 کی امتحانات نہ ہونے جیسے مذکورہ بالا حقائق کا ذکر نہیں تھا؟ اور وہ جو یہ کہتا ہے کہ اِسی 300 صفحات جس کی نقول فلاں فلاں کو بھیجی گئیں پر مشتمل درخواست کے نتیجہ میں ہی 2016 میں ریاض الحق ثانی کو انکوائری افسر مقرر کیا گیا تھا تو کیا اُسی درخواست میں ریاض الحق ثانی کا سابقہ منفی کردار اور بھیانک چہرہ بے نقاب نہیں کیا گیا؟ اور مذکورہ زہر والے معاملات کے حوالے سے محکمہ کی مزید شرمندگی اور رسوائی کی پیشن گوئی نہیں کی گئی تھی جو بعد میں پوری ہوئی؟

بہر حال اِن لوگوں کی ہمیشہ یہی کوشش رہی کہ سائل کی بات کو کسی کو سننے ہی نہ دیا جائے۔ چنانچہ 2002 میں سائل کو پاگل قرار دے دیا گیا کیوں کہ اُس وقت مذکورہ زہر والا ایشو ان کے پاس نہ تھا۔ بعدازاں یہ مشہور کیا گیا کہ سائل سب کچھ اپنی شادی کے لئے کر رہا ہے پھر سائل پر بے جا درخواست بازی کا الزام لگایا جانے لگا اور پھر بلآخر سائل پر مورخہ 26-11-2014 کو مذکورہ زہر والا مقدمہ بنا دیا گیا جس سے سائل کی بریت کے بعد بھی سائل کی جان نہیں چھوٹ رہی اور جن جن بنیادوں پر سائل کو بری کیا گیا اُن میں سے ایک ایک بنیاد پر بڑے بڑے ملزمان سپریم کورٹ بلکہ عالمی عدالتوں تک سے باعزت بری ہو جاتے ہیں اور بڑے بڑے قاتل چھوٹ جاتے ہیں۔ فرعون جو کہ خُدائی کا دعویدار اور سینکڑوں بچوں کا قاتل تھا جب اُس کے پاس بھی اللہ تعالیٰ نے سیدنا موسیٰؑ کو پیغمبر بنا کر بھیجا تو فرمایا کہ ''اُس سے نرمی سے بات کرنا، شاید وہ غور کرے یا پاک ہو'' لیکن محکمہ سماجی بہبود وخصوصی تعلیم جس کا دعویٰ اور کام ہی خصوصاً یہ ہے کہ یہ بُرے افراد کو بھی اچھا بنائے لیکن آپ لوگ بدقسمتی سے سائل کو بُرا ثابت کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ نیز سائل کی بار بار باتوں کو دہرانے کی عادت نہیں لہٰذا اُن باتوں کو نہیں دہرانا چاہتا جو سابقہ تحاریر میں بیان ہوئیں اور یہ کہنا چاہتا ہوں کہ گزشتہ دنوں جو درخواست ڈی پی او ایبٹ کو لکھ کر دیگر حکام کو کاپی کی اُس کا بھی غصہ آپ نے سائل پر نکالا کہ سائل آپ کے اداروں کی ناکامی اور آپ کی بدعنوانیوں پر بات کیوں کرتا ہے۔ چنانچہ بڑے بڑے جرائم کو چھوڑ کر آپ صرف سائل کے پیچھے ہی پڑے ہوئے ہیں اور جس انکوائری کو پہلے آپ نے دبا رکھا تھا اب بلیک میلنگ کے ذریعے پھر اُس کا سہارا لیا گیا۔

کلیم ولد دوست محمد جس کے بیان سے ساری کہانی شروع ہوئی تھی کہ سائل نے اُس سے زہر مانگا اور اُس نے مخبری کر کے عبدالرشید صاحب کو بتایا جنہوں نے شاہنواز کو سائل پر نظر رکھنے کو کہا جس نے بلآخر سائل کی ویڈیو بنالی لیکن کلیم کا بیان حسب سابق پھر نہیں ہوا اور سابقہ تفتیش وانکوائری رپورٹس میں جو غلطیاں تھیں وہی دوبارہ دہرائی گئیں۔ نیز انکوائری افسر کی رخصتی کے وقت علی زمان صاحب نے کہا کہ ابھی تو بڑے بڑے گواہ باقی ہیں جیسا کہ شکیل وغیرہ لہٰذا انکوائری افسر کا یہ کہنا سراسر غلط ہے کہ تمام متعلقہ افراد کے بیانات قلم بند کیے گیا چوکیداران متعلقہ افراد نہ تھے؟

سائل نے پہلے دن جب انکوائری افسر سے شاہنواز کے متعلق بات کی اور جناب والا جس پولیس کی آپ بات کرتے ہیں اُس کے تفتیشی افسر ASI انور صاحب نے عدالت میں یہ بیان بھی دیا کہ شاہنواز اگر چاہتا تو اس وقوعہ کو روک سکتا تھا لہٰذا وکیل نے سائل کو تفتیشی افسر سے یہ نہ پوچھنے دیا کہ پھر آپ نے شاہنواز کو گرفتار کیوں نہ کیا؟ نیز جیسا کہ سائل نے چارج شیٹ کے جواب میں یہ بھی عرض کیا تھا کہ وکیل ناصر مشتاق کے بقول مشال قتل کیس میں پچیس بندوں کو صرف اس وجہ سے سزا ہوگئی تھی کہ وہ واقعہ کو روکنے کے بجائے ویڈیو بناتے رہے۔

انکوائری افسر نے شاہنواز کو بچانے کی بڑی کوشش کی اور کہا کہ ''وہ تو دعویٰ معاف گواہ بھی بن سکتا ہے'' سائل کو پہلے سمجھ نہیں آرہی تھی کہ وہ ''دعویٰ معاف گواہ'' کا لفظ بول کر کیا کہنا چاہ رہے ہیں؟ بعد میں سمجھ آئی کہ موصوف ''وعدہ معاف'' کو ''دعویٰ معاف'' کہہ رہے تھے اور اُنہیں قانون کی ذرا بھی سمجھ نہ تھی وہ بار بار سائل سے مختلف قوانین مثلاً ضابطہ فوجداری اور ضابطہ دیوانی

سزا اِس کے ریکارڈ اور کیریئر کی خرابی کی صورت میں ہرگز نہ ملتی اور نہ ہی سائل کے خلاف کوئی انکوائری وغیرہ ہوتی بلکہ یہ گھٹیا انکوائری افسران خود اپنے انجام سے دوچار ہو چکے ہوتے مگر ایک انکوائری افسر ریاض الحق ثانی کو تو آپ پہلے ہی باعزت طور پر دیگر لوگوں کی طرح ریٹائر کر چکے ہیں اور قسمت خان کو بھی اور اب یہ موجودہ انکوائری افسر بھی باعزت ریٹائر ہو جائے گا کیوں کہ سائل کے خلاف جو کچھ بھی ہو رہا ہے اِسے آپ کی / حکومتی شہ حاصل ہے۔ یہ آپ افسران کی نااہلی کا نتیجہ ہے کہ آپ نے اپنے ماتحت سرکاری ملازمین کی تنظیم سازی پر چشم پوشی کرتے ہوئے اِن کی پشت پناہی کی اور اتنے طاقتور ہو گئے کہ اِن کی رسائی براہ راست حکومتی وزراء اور اراکین قومی وصوبائی اسمبلی بلکہ صدور اور وزراء اعظم تک بھی ہو جاتی ہے اور ذرائع ابلاغ بھی ان کی مُٹھی میں ہوتے ہیں۔ چنانچہ یہ لوگ افسران کے مقابلہ میں متوازی طور پر طاقت ور ہو کر ایک نیام میں دو تلواروں اور ایک جنگل میں دو شیر والی باتوں کو بھی عبور کرتے ہوئے اُن سے بھی زیادہ طاقت ور ہو جاتے ہیں یہ سڑکیں بھی بند کر کے ذرائع ابلاغ اور عوام کی توجہ اور ہمدردیاں حاصل کر لیتے ہیں مگر ان کی ہمدردیوں پر تو آپ کوئی اعتراض نہیں کرتے جو **ریاستی اداروں کے لیے شدید تباہ کن ہیں** بلکہ آپ خود قانون کی گرفت سے بچنے کے لئے سائل کے خلاف حکام بالا کی ہمدردیاں حاصل کر رہے ہیں اور اپنے خلاف سنگین شکایات سے اُن کی توجہ ہٹانے کے لئے زہر والے معاملہ کو سائل کے خلاف اِس قدر اُچھالتے ہیں کہ کوئی اور بات کہ ہی نہ جا سکے اور الزام سائل پر عائد کرتے ہیں کہ یہ حکام بالا کی ناجائز ہمدردیاں حاصل کرتا ہے۔ جناب والا! بتایا جائے کہ سائل نے اگر ہمدردی حاصل کرنی ہوتی تو دیگر معذور افراد کے برعکس یہ مئوقف اختیار کیوں نہ کیا کہ میں معذور ہونے کی بنا پر یہ کام نہیں کر سکتا؟ بلکہ اپنے وکلاء بالخصوص ناصر مشتاق کی ناراضگی بھی مول لی اور جب اُنہوں نے سائل کی جانب سے عدالت میں دیے گئے آخری بیان کا وہ حصہ پڑھا کہ سائل کو اس بات کی نہایت خوشی ہے کہ دیگر معذور افراد کے برعکس نابینا ہونے کے باوجود بھی اس کا ٹرائل ہو رہا ہے جو اِس امر کا غماز ہے کہ نابینا بھی کوئی جرم کر سکتا ہے وگرنہ یہ لوگ اس بات کی عار لے کر بچ جایا کرتے تھے کہ ہم اپنی معذوری کے باعث کوئی جرم نہیں کر سکتے حالانکہ خود اِنہی کا یہ کہنا ہے کہ ہمیں بے چارہ نہ کہا جائے بلکہ دوسرے افراد کی طرح برتاؤ کرتے ہوئے ہمیں اُن کے شانہ بشانہ چلایا جائے مگر ہماری 21 ویں صدی کی ریاست پاکستان کا چوتھا ستون یعنی میڈیا بھی اِس بات کی مذمت کرتا ہوا نظر آیا کہ نابینا افراد کے ساتھ نارمل برتاؤ کرتے ہوئے سڑکیں بند کرنے اور شدید پتھراؤ کے باوجود اِن پر لاٹھی چارج کیوں کیا گیا؟ جن اَن پڑھ اور جاہل افراد کی سائل نے نشاندہی کی کہ یہ کس طرح غلط طریقوں سے اعلیٰ تعلیمی اسناد اور بھاری تنخواہوں اور سکیلز کی حامل ملازمتیں حاصل کر کے کس قدر ریاست اور ریاستی اداروں کے لئے بوجھ اور مشکلات مسائل کا باعث ہیں؟ مگر ARY جیسے گھٹیا چینل کے پروگرام 'سرِ عام' اور "جرم بولتا ہے" میں بھی اپنا ڈیٹا میل کیا لیکن ان گھٹیا لوگوں کے کانوں پر جوں تک نہ رینگی۔

ہمارے ریاست کا تیسرا ستون یعنی عدلیہ بھی ہمیشہ سائل کے برعکس بہانے بنا کر ان لوگوں کو بچاتی ہوئی نظر آئی اور آج تک نہیں سنا گیا کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان میں کسی نابینا / معذور کو بھی کسی جرم پر سزا ہوئی۔ اِس پر ناصر مشتاق سائل پر شدید برہم ہو گیا اور سائل نے بھی عدالت میں احتجاج کرتے ہوئے جج صاحب کی توجہ اس طرف مبذول کروائی کہ پہلے ہی ٹرائل ساء کی مرضی کے مطابق نہ ہوا اور اب آخری بیان بھی سائل کو اپنی مرضی سے نہیں دینے دیا جا رہا۔ جج صاحب کہا کہ یہ آپ کے وکیل ہیں میں کیا کر سکتا ہوں۔ حالانکہ اگر طالبان، داعش یا القاعدہ کی حکومت ہوتی تو شاید سائل کو ایسے وکلاء پر انحصار کرنے پر مجبور ہی نہ کیا جاتا۔ لہٰذا ہر طرف سے ریاست مخالف جزبات کو بڑکایا جا رہا ہے اور اگر ہم نے دوسروں کے برابر نہیں ہونا تھا تو پھر اِس نظام سے تو وہ نظام بہتر تھا جسے دہشتگردانہ اور انتہاپسندانہ نظام کہا جاتا ہے۔

ٹیلیفون کال ہے جب کہ کل مورخہ 14-04-2021 یکم رمضان جب سائل درخواست ہذا یعنی اظہار وجوہ نوٹس کا جواب کچہریوں سے کمپوز کروارہا تھا تو ایاز صاحب درجہ چہارم ملازم سردار شاہنواز احمد ولد محمد ریاض ورک شاپ اٹینڈنٹ ادارہ ہذا اپنے بھانجے کو بھیج کر سائل سے برائے دفتری ریکارڈ اضافی نقول وصول کیں اور بصد شکری وصولی بھی ڈال کردی جو کہ پہلے کی نسبت اب دفتر ہذا کے رویہ میں یہ مثبت تبدیلی بھی آئی ہے کہ اب وصولی کر کے سائل کو فوٹو کاپی پر بطور ثبوت دے دی جاتی ہے یوں سائل کا ڈاک کا خرچ کچھ کم ہو جاتا ہے اور نابینا افراد کو جو ڈاک خرچ سے قانوناً استثناء حاصل ہے اُس کے لئے تنظیم کی مہر بھی لفافوں پر ثبط کر کے نہیں دی جاتی۔ بہر حال جناب والا! کیا گاڑی چوری / گمشدگی کے متعلق سائل نے جو حقائق بیان کئے کیا اُن کے بعد بھی آپ سائل کو جھوٹا درخواست گزار، بے بنیاد اور بنا ثبوت باتیں کرنے والا، عادی مجرم اور شرارتی قرار دیں گے؟

جج ارشاد صاحب سابق ایڈیشنل سیشن جج ایبٹ آباد جو کہ سائل کے خلاف انتہائی غم وغصہ او بغض وعناد سے بھرے ہوئے تھے جب ہائی کورٹ سے سیشن کورٹ کے عملہ وسابق ججز کی باز پُرس ہوئی تو ارشاد صاحب نے سائل کے خلاف اِس طرح کا بے بنیاد جواب لکھ دیا تھا کہ ایسی ہی شرارتی سرگرمیوں کی بنا پر سائل کو ملازمت سے بھی برطرف کیا گیا ہے اور اس نے وہاں پانی کے کولر میں زہر ملایا اور حسب ضابطہ اور باقاعدہ تفتیش کے بعد یہ قصوروار پایا گیا لیکن جب ٹرائل آگے چلا تو جج ارشاد صاحب کی یہ باتیں سراسر غلط ثابت ہوئیں اور جب پشاور ہائی کورٹ پشاور کے ڈائریکٹوریٹ برائے انسانی حقوق کی جانب سے اُن سے جواب طلبی کا لیٹر اُنہیں موصول ہوا تو وہ بار بار گوگل کھلوا کر مختلف عنوانات کے تحت کچھ تلاش کرواتے رہے اور بلآخر سارے دن کی چھان بین کے بعد یہ کہنے پر مجبور ہو گئے کہ میں نے بہت تلاش کیا مگر مجھے اِس کے خلاف کوئی چیز نہ ملی اور جو ہائی کورٹ کو اُنہوں نے جواب دیا وہ بھی بعد ازاں غلط ثابت ہوا۔ جناب والا! جب ججز کا یہ حال ہے تو آپ کی کیا اوقات ہے کہ آپ سائل کو غلط ثابت کرسکیں؟ اللہ میرا حامی و مددگار ہے۔

مدعی لاکھ بُرا چاہے مگر کیا ہوتا ہے وہی ہوتا ہے جو منظورِ خدا ہوتا ہے۔

جناب والا! جہاں تک سابقہ ایڈیشنل سیشن جج III کے خلاف سائل کی درخواست کے نتیجہ میں انکوائری کا تعلق ہے تو یہ امر یہ ظاہر کرتا ہے کہ عدالتوں کا نظام پھر بھی قدرِ بہتر ہے ورنہ سائل کا کوئی ذاتی کمال نہیں۔ ایک تو جج صاحبان کا اخلاقی معیار آپ جیسے گھٹیا افسران سے بہت بلند ہوتا ہے اور دوئم یہ کہ عدالتی انکوائری کا معیار آپ کے گھٹیا معیار سے بہت بلند ہے وہاں خصوصاً ججز صاحبان کے روسٹرم پر کیمرہ لگا ہوتا ہے اور ایک ایک بات نوٹ کی جاتی ہے جس کی وجہ سے ججز صاحبان کے خلاف اگر کوئی ٹھوس درخواست چلی جائے تو وہ اُن باتوں کا انکار نہیں کرسکتے۔ بدیں وجہ جج شہناز خٹک صاحبہ اور جج ریاض احمد خان صاحب ایڈیشنل سیشن جج II ایبٹ آباد کے خلاف سائل کی درخواستوں پر انکوائریاں ہوئیں اور جج ریاض صاحب کی ایک خامی یہ بھی تھی کہ وہ کاغذات و کو مکمل طور پر پڑھتے نہیں تھے جس بنا پر بھی اُنہیں خمیازہ بھگتنا پڑا۔ نیز صاحبزادہ شمس الرحمان جیسے سائل کی جانب سے بار بار سنگین شکایات میں نامزد ملزم کے ناقابل ضمانت وارنٹس کے باوجود اُسے اُنہوں نے چھوڑ دیا جسے قبل ازیں وہ خود ہتھکڑیوں میں زندہ یا مردہ گرفتار کر کے لانے کا حکم صادر فرما چکے تھے اور عدالتی وقت ضائع ہونے کا جرم استغاثہ پر واضح اور بغیر جرم ثابے کیے ایک نابینا کو بلا وجہ تین سال تک اذیتیں پہنچا کر عدالتوں میں باقاعدگی سے پیش ہونے پر مجبور کیا جاتا جبکہ وہ خود پیش نہ ہوتے۔ جج صاحب نے انہیں تمبیہ کرتے ہوئے کہا کہ "خُدا کی لاٹھی بے آواز ہوتی ہے" مگر اگلی تاریخ پر سائل کے مخالفین کے دباؤ اور اثر و رسوخ کو قبول کرتے ہوئے سائل کے خلاف بلا وجہ منفی ریمارکس دینے اور قبل از وقت سزا کی باتیں شروع کردی تھیں۔

اگر مذکورہ بالا معیار آپ کا بھی ہوتا تو سائل کو موجودہ مشکلات و مسائل سے دوچار نہ ہونا پڑتا اور ریاست سے وفاداری کی

فوجداری مقدمہ کے فیصلہ کا انتظار کریں گے کیوں کہ سائل کو پھنسانے کی اور کوئی صورت نظر نہیں آرہی تھی اور سائل کو یہ اُمید بھی دلائی گئی کہ مقدمہ سے بری ہونے کے بعد عدالت سائل کو مزید ریلیف بھی فراہم کرے گی اور ہر تاریخ پر مزید کوئی کاروائی کیے فوجداری مقدمہ کی آیندہ تاریخ اور مقدمہ کے سٹیٹس کے متعلق پوچھا جاتا لیکن جب سائل نے مقدمہ کا فیصلہ بھی ٹریبونل میں پیش کر دیا تو اب یہ کہا جا رہا ہے کہ سروس ٹریبونل جو سیشن کورٹ سے بڑی عدالت اور ہائی کورٹ کے برابر ہے جس کے خلاف صرف سپریم کورٹ سے بھی رجوع کیا جا سکتا ہے اس نے ایک انوکھا کام کرتے ہوئے پہلی مرتبہ یہ مثال قائم کر دی کہ بینا لوگوں کا تو شک کا فائدہ حاصل کرنے کا حق ہے لیکن نابینا سائل کو ہرگز نہیں اور دوبارہ سے انکوائری کی جائے جو کہ بحالی کے بغیر انکوائری ممکن نہ تھی لہذا محکمانہ کاروائی کے لئے مجبوراً سائل کو بحال کرنا پڑا اور سائل نے اپنے دفاع میں آخری تاریخ مورخہ 23-10-2020ء کو جو ثبوت پیش کیے اُن کا معائنہ کرنے کے لئے بھی خاصہ وقت درکار تھا مگر فیصلہ پر مورخہ 23-01-2020ء کی تاریخ ہی درج ہے اور آخری سماعت پر جج صاحبان آپس میں سرگوشیاں کرنے لگے کے "دستیاب ریکارڈ سے تو اس بندے پر کوئی چیز ثابت ہی نہیں ہوتی چلو ہمیں کیا ہم بحال کر دیتے ہیں اور نئی انکوائری کا حکم دے دیتے ہیں ہمارا کیا ہے؟" حالانکہ سروس ٹریبونل عموماً ملازمین کی حمایت کیا کرتا ہے اور جیسا کہ درخواست گزشتہ برخلاف علی زمان صاحب و دیگر کے مطالعہ سے بھی آپ انشاء اللہ اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ سابق سپرنٹنڈنٹ قسمت خان صاحب کو گاڑی چوری / گمشدگی کیس میں اِس طرح ٹریبونل ہذا نے ناجائز ریلیف دیا مگر مذکورہ بالا بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ جج صاحبان سائل کو پھنسانے کے لئے پرعزم تھے مگر آج سائل کو یہ الزام اور طعنے دیے جاتے ہیں کہ سائل اپنے تمام تر گھناؤنے جرائم کے باوجود صرف اپنی نابینائی کا فائدہ اُٹھاتے ہوئے محض ہمدردیاں لے کر مقدمہ سے بری اور ملازمت پر بحال ہوا۔

جناب والا! علاوہ من جملہ باتوں کے سائل یہ سوال پوچھنا چاہتا ہے کہ سائل اگر نابینا تھا تو مذکورہ قسمت خان کو نابینا نہیں تھا وہ آپ سے مقدمہ جیتنے میں کامیاب کیونکر ہو گیا کیا یہ آپ اور آپ کے وکلاء کی ملی بھگت و نااہلی نہ تھی؟ کاش مجھے اِس بابت مکمل تفصیلات سے آگاہ ہونے کا موقع دیا جاتا اور سائل نے Right To Information ایکٹ کے تحت جو گاڑی کے حوالے سے مقدمات کی مکمل فائل کا تقاضہ کیا تھا اور چونکہ سائل کی درخواست براہ راست وصول نہ کرنے کا رواج تھا جس کے باعث سائل کو خواہ مخواہ ڈاک کا خرچہ بھی اُٹھانا پڑتا تھا مگر سائل نے اس بابت جو فائل / ریکارڈ کے حصول کے لئے بذریعہ ڈاک درخواست ارسال کی تھی اِسے بھی دبا دیا گیا اور درخواست کی وصولی سے ہی انکار کر دیا گیا اور عادل صاحب سے جب اس بابت پوچھا گیا تو اُن کا برتاؤ ایسا تھا کہ گویا سائل کو کوئی سوال پوچھنے کا حق ہی نہیں اور مذکورہ عادل صاحب بھی RTI کو نہیں مانتے حالانکہ وہ خود کو بڑا قانون دان سمجھتے ہیں۔ چنانچہ جب اُنہوں نے بدمعاشی کی اور کہا کہ مجھے مجبور نہ کرو کہ میں تمہارے خلاف کوئی رپورٹ لکھوں بس چپ کر کے نوکری کیے جاؤ اور تنخواہ لیے جاؤ ورنہ.................. جس پر سائل نے چیف انفارمیشن کمیشن خیبر پختونخواہ پشاور بذریعہ ای میل درخواست گزاری کہ سائل نے مذکورہ معلومات کے لئے دفتر ہذا سے رجوع کیا مگر اس کے ساتھ یہ سلوک کیا گیا۔ دریں اثنا سائل کے خلاف منفی رپورٹ کی دھمکی دینے والے عادل صاحب اللہ کے فضل و کرم سے یہاں سے ٹرانسفر ہو گئے اور مادام شمشاد صاحبہ نے بلآخر ایک نامکمل فائل جو کہ 53 صفحات پر مشتمل تھی اور جس میں کئی کئی مرتبہ ایک ایک صفحہ بار بار آجاتا مگر نمبرنگ تبدیل شدہ تھی اور جس میں صرف FIR اور قسمت خان کے چند خطوط اور اِن کے خلاف کی گئی محکمانہ کاروائی کی کچھ تفصیل تھی اِس پر سائل نے درخواست مذکورہ جو 75 صفحات پر مشتمل تھی 6 اپریل کو دفتر میں جمع کروائی جس کو فارورڈ کرنے کا بار بھی سائل پر ڈالتے ہوئے دفتر کے بجائے سائل ہی کو نقول کا خرچہ اُٹھانے پر مجبور کیا گیا جس کا ثبوت ایک تو ایاز صاحب کی جانب سے کی گئی

سائل کا مئوقف یہاں سے بتانا شروع کیا کہ اِس کے وکلاء کا یہ کہنا تھا کہ سائل کے خلاف محکمہ کی جانب سے پیش کردہ ثبوت اور مواد انتہائی مشکوک ہے اور اُنہوں نے اپنے تفصیلی فیصلہ میں ایک ایک ثبوت پر بحث کی کہ فلاں فلاں چیز انتہائی مشکوک اور مبنی پر بدنیتی ہے لیکن یہاں تو آپ خود کو ملزم و مجرم نہیں کرداننتے اور سائل کو شک کا فائدہ ملنے پر آپ کو انتہائی تکلیف و تفتیش ہے۔ جناب والا! ARY ٹی وی کے ایک مارننگ شو جس کی میزبان محترمہ صنم بلوچ تھیں میں ایک سینئر وکیل جو کہ ضابطہ فوجداری کے بیان زیرِ دفعہ 161 اور زیرِ دفعہ 164 کے بارے میں بتا رہے تھے کہ روبرو پولیس زیرِ حراست زیرِ دفعہ 161 کے اعترافی بیان کی کوئی قانونی حیثیت نہیں اور زیرِ دفعہ 164 روبرو مجسٹریٹ کے بیان کی حیثیت و اہمیت ہے لیکن اِس پر بھی ایک شخص سپریم کورٹ سے اِس بنا پر بری ہوگیا کہ مجسٹریٹ نے اُس کے بیان کے بعد جیل بھجواتے ہوئے یہ نہیں بتایا تھا کہ آیا اُسے جیل بھجوایا جا رہا ہے یا دوبارہ حوالات؟ لہٰذا اُس نے ڈر کر بیان دیا اور جیسا کہ سائل نے اپنے 300 صفحات پر مشتمل رُوداد میں بھی یہ عرض کیا تھا کہ پہلے تو یہ بتایا جا رہا تھا کہ سائل کو مجسٹریٹ پر پیشی کے بعد جیل بھجوایا جائے گا لیکن بعد ازاں یہ واضح نہ ہوسکا اور بار بار جب جج صاحب سے پوچھا جا رہا تھا کہ اِس کا کیا کرنا ہے؟ تو وہ کچھ سوچ میں پڑھ گئے اور اُنہوں نے آہستہ سے کچھ فرمایا جس کی کچھ سمجھ نہ آئی اور سائل کو باہر لے جا کر گاڑی میں بٹھا دیا گیا۔ عموماً تو یہ ہوتا ہے کہ مجسٹریٹ صاحب ملزم کو بڑے پیار سے تسلی دیتے ہوئے اپنے کمرے میں جا کر بیٹھنے اور چائے پینے کو کہتے ہیں مگر بعد ازاں حیرت انگیز طور پر جج صاحب کے چیمبر میں لے جانے کے بجائے سائل کو جیل بھجوانے کے لئے پولیس کی گاڑی میں بٹھا دیا گیا اور 164 کا بیان سرے سے ہوا ہی نہیں۔

بعد ازاں جج صاحب کی بریت پر کی گئی باتوں کے بعد سائل نے گھر واپس آتے ہوئے راستہ میں ایک مزار پر حاضری دی اور وہاں مدفون اولیاء کرام کے علاوہ اُن کے وسیلہ جمیلہ سے اپنے حق میں دعا کی اور اللہ تعالیٰ غیر ذمہ دارانہ رویے سے پناہ مانگتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سائل کو مخلوق کے لئے مضر نہیں بلکہ مفید بنائے اور گھر واپس آ کر بھی خصوصی نوافل اور سجدہ شکر بجالایا اور اپنے محسن جج صاحب کے لئے بھی خصوصی دعائیں کیں لیکن کرپشن کے معاملہ میں چاہے محسنہ شمشاد صاحبہ ہوں یا کوئی جج صاحب سائل نہ تو قانون کی عدالت میں اور نہ ہی اللہ کی عدالت میں اِن کے ساتھ کسی رو رعایت کا قائل ہے۔

☆ یہ کہ بعد ازاں سائل جسے نہ تو خود اپنی بریت کا یقین آ رہا تھا اور نہ کسی اور کو اور سروس ٹریبونل پر بھی اتنا دباؤ تھا کہ وہ ٹال مٹول کرتا رہا حالانکہ سائل کا مقدمہ وہاں نہایت واضح تھا کہ عدالت میں جب کیس چل رہا تھا تو اِس فیصلہ کے انتظار کیے بغیر ہی سائل کو ملازمت سے برخاست کر دیا گیا اور اگر محکمانہ کاروائی کرنی ہی تھی تو جیسا کہ سائل کو مورخہ 07-02-2015ء کو معطل کیا گیا تو بعد از معطلی 90 یوم کے اندر محکمہ کو اپنی انکوائری مکمل کر لینی چاہیے تھی اور عدم تکمیل کی صورت میں 30 یوم کے اندر معطلی میں توسیع کرنی چاہیے تھی جو نہ ہونے کے باعث حسبِ ضابطہ سائل ملازمت پر خود بخود بعد از معطلی بحال ہو چکا تھا جو ابِ عدالتی فیصلہ کا انتظار کرنا چاہیے تھا جو اِس کے خلاف آنے کی صورت میں محکمہ اگرچہ سائل کو برطرف یا برخاست کرنے کا حق رکھتا تھا مگر اِس صورت میں سائل اپیل میں چلا جاتا اور محکمہ کے خلاف فیصلہ آنے کی صورت میں یہ اپیل میں جاتے اور پاکستان کا جس طرح کا نظامِ عدل و انصاف ہے سال ہا سال تک مقدمات چلتے رہتے ہیں اِس صورت میں سائل کو صرف معطل ہی رکھا جا سکتا تھا اور سائل اپنی پوری تنخواہ لینے کا حقدار تھا نہ کہ سائل کو برطرف یا برخاست کیا جاتا لیکن خلاف قانون اور خلافِ حقائق نام نہاد انکوائری حسب معمول کر کے سائل کو ملازمت سے برخاست کر دیا گیا تو سروس ٹریبونل کو چاہیے تھا کہ وہ اِن حقائق کی روشنی میں سائل کو کم از کم عارضی طور پر ہی ملازمت پر بحال کر دیتا۔ آخر سائل کی بھی تو بشری ضروریات تھیں مگر ریاست پاکستان کے ساتھ وفاداری اور اخلاص کا سائل کو یہ صلہ دیا گیا کہ سروس ٹریبونل کے بینچ جسے ''معزز بینچ'' کہتے ہوئے بھی بڑا افسوس ہوتا ہے نے کہا کہ پہلے ہم

تعاون نہیں کرے گا جیسا کہ جب اِن کے ہاتھ میں ہمارے معاملہ ہوتا ہے تو یہ خصوصاً رشتہ کے معاملہ میں بہت نخری کرتی اور ہمیں بہت زیادہ تنگ کرتی ہیں تو جو معاملہ ہمارے ہاتھ میں ہو جب تک ہم اِن ہیں تنگ نہیں کریں گے تو انہیں احساس نہیں ہوگا۔ یہ کہنا غلط ہے کہ عورت صنفِ نازک ہونے، اپنے اندر ایک ماں کا نرم ونازک اور ماؤں اور بہنوں کا نرم ونازک اور محبت بھرا دل رکھتے ہوئے ایثار و قربانی کا جذبہ رکھتی ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ٹیڑھی پسلی کی پیدائش یہ پاکستانی عورت انتہائی گھٹیا اور کمینی ہے۔ خصوصاً آج کی پڑھی لکھی اور ماڈرن عورت لیکن سائل اب یتیموں کے ساتھ الحمد وللہ پہلے سے بھی اچھا ہو گیا ہے اور سورۃ فجر کی وہ آیات جو پہلے سائل کو سمجھ نہیں آتی تھیں اب سمجھ آنے لگیں:

''تو بہر حال انسان (بھی ایسی عجیب مخلوق ہے کہ) جب اُس کا رب اُسے آزماتا ہے تو اُسے عزت دیتا اور اُس پر انعام کرتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے عزت دی اور بہر حال جب اُسے آزماتا ہے کہ اُس کے رزق میں تنگی کرتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے میری اہانت کی۔

ہر گز نہیں بلکہ تم یتیم کی عزت نہیں کرتے اور مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب نہیں دیتے۔''

سائل کو اپنے اندر یہ تھوڑی سی کمی محسوس ہوئی تھی اور سائل نے ایاز صاحب کے ریفر کرنے پر ایک اور دیگ سید احمد شہید سپیشل ایجوکیشن سنٹر کے سامنے واقع ایک یتیم خانہ میں بھی صدقہ کی جس کی رسید بھی لف درخواس ہذا ہے اگر سائل درندہ صفت، غیر ذمہ دار اور نا قابلِ اعتبار ہوتا تو محترم ایاز صاحب اِسے دیگر باتوں کے علاوہ مذکورہ ادارہ میں کیوں ریفر کرتے؟

سائل جو کہ مذکورہ جج صاحب کی مذکورہ بالا باتوں سے قبل انتہائی پریشان اور تنہا اپنی والدہ کے ہمراہ اللہ کی مدد کے بل بوتے پر بیٹھا جج صاحب کے فیصلے کا انتظار کر رہا تھا اور جج صاحب فائلیں لے کر پڑھ رہے تھے اور DFC عبدالمنان صاحب کو اُنہوں نے حکم دیا کہ وہ USB لے کر آؤ جس کا وہ لوگ دعویٰ کر رہے ہیں پہلے کوئی اور USB بتا رہے تھے اُنہوں نے پہلے والی USB اور موجودہ بتائی گئی USB کا نام بھی لیا ''G 3 ۔۔۔۔''

سائل یہ سوچ رہا تھا کہ اگر سائل کے ساتھ بے انصافی اور اُس کے خلاف فیصلہ ہوا تو زیادہ سے زیادہ پھانسی ہی ہوگی اور جس قانون کے تحت اِن لوگوں کو پاکستان اور بانی پاکستان کو بُرا بھلا کہنے کی چھوٹ حاصل ہے اُسی قانون کے تحت سائل بھی قائدِ اعظم وغیرہ کو گالیاں دے گا جنہوں نے آخر ایسا اور اتنا بُرا پاکستان بنایا کیوں جہاں انصاف نہیں اور مظلوم کو ظالم اور ظالم کو مظلوم بنا کر مزید مظلوم پر ظلم ہوتا ہے؟ لیکن فیصلہ سے کچھ دیر قبل ہمیں DFC صاحب نے بھی تسلی دی کہ گھبرائیں نہیں اللہ خیر کرے گا اور جج صاحب کا اللہ بھلا کرے جنہوں نے اگر چہ کافی انصاف تو نا کیا لیکن کم از کم سائل کو بھری کر دیا وگرنہ جو لوگ جرم ثابت ہونے سے پہلے بھی سائل کو معاف کرنے کو تیار نہیں تھے تو وہ بعد ازاں کس قدر سائل کی ذلت و رسوائی اور پریشانی و شرمندگی کا باعث بنتے؟! لیکن سپریم کورٹ سے بھی ملزم شک کی بنا پے بری ہو جاتا اور اُسے بے گناہ تصور کیا جاتا ہے مگر آپ سائل کی جان چھوڑنے کو تیار نہیں۔ جناب والا! مقدمہ کے خلاف اپیل کا وقت 30 یوم ہوتا ہے اور اب نامعلوم انکوائری افسر نے کس بنا پر اپیل ہائی کورٹ میں دائر کرنے کی بات کی ہے؟ مگر کیا آپ مذکورہ بالا حقائق اور بیان کردہ تفصیلات کی روشنی میں سروس ٹریبونل کے فیصلے کے خلاف بھی اپیل میں جائیں گے؟ حالانکہ سائل نے یہ سن رکھا ہے کہ حکومت ایسے مقدمات میں سپریم کورٹ تک تو بالکل بھی اپیل میں نہیں جایا کرتی اور یہ بات حکومت کے لئے بے عزتی کا باعث ہے۔ یہ بات سائل کو ایک انتہائی ذمہ دار سرکاری افسر نے بتائی اور وہ اپنے دفتر والوں سے کہہ رہا تھا کہ ''میں لکھ کر دیتا ہوں کہ حافظ صاحب بحال ہو جائیں گے''

بہر حال کاش کہ جج صاحب مذکورہ بالا نصیحتیں اور اصل بنیادی مسئلہ اپنے فیصلہ میں بھی تحریر فرماتے مگر اُنہوں نے تو اپنے فیصلہ میں

ہے؟

بہر حال جب عادل خان صاحب نے سائل کی درخواست وصول کرنے سے انکار کیا تو سائل نے درخواست بذریعہ رجسٹری ڈاک بھجوادی جو بھی درخواست ہذا سے لف ہے اور جس کی تفصیل سائل نے اپنی سابقہ درخواست بنام سپرنٹنڈنٹ مادام شمشاد صاحبہ جو کہ دفتر کو مورخہ 06-04-2021ء کو زیرِ عنوان **"درخواست برخلاف جونیئر سپیشل ایجوکیشن ٹیچر اپریل ٹیچر محمد علی زمان صاحب ودیگر"** وصول کروائی جو کہ اِس کے ایک روز قبل ہی آپ کی جانب سے مذکورہ انکوائری رپورٹ جو کہ 9 صفحات پر مشتمل ہے جس کا صفحہ نمبر 7 لاپتہ ہے اور اظہار وجوہ نوٹس مورخہ 05-04-2021ء کو دفتر سے وصول کیا اور اب دفتر ہذا کی معرفت ہی جواب دیا جائے گا تاہم مذکورہ بالا درخواست جو کہ پہلے finalize ہو چکی تھی اور جس میں انکوائری پر اعتراضات کی کچھ مزید تفصیل درج تھی اور کچھ یہاں ہے وہ درخواست اظہار وجوہ کے نوٹس کے وصولی کے ایک روز بعد یعنی مورخہ 06-04-2021 کو جمع کروائی جس سے اُمید ہے کہ انشاءاللہ آپ کی کافی تشفی ہو جائی گی کہ سائل حسب معمول اِس نام نہاد انکوائری سے بھی غیر مطمئن کیوں ہے؟

جناب عادل خان صاحب کا ذکرِ خیر سائل نے قبل اَزیں غائبانہ طور پر سُنا تھا اور جب سائل عدالت سیشن کورٹ کی بریت اور سروس ٹریبونل سے بحالی کے فیصلہ جات لے کر اُن کی خدمت میں حاضر ہوا تو اُنہوں نے فوری طور پر سائل کی Arrival Report لے کر حاضری کرنے سے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ وہ سائل کو ڈیوٹی پر آنے کی اجازت کے لئے لکھی گئی درخواست جسے کے ساتھ مذکورہ فیصلہ جات لف تھے آگے بھیج دیں گے اور جب ڈائریکٹوریٹ سے اجازت ملنے کا نوٹیفیکیشن جاری ہوگا تو پھر آپ کو ڈیوٹی پر آنے کی اجازت دی جائے گی اور جب سائل نے یہ بات اپنے وکلاء سے ذکر کی تو اُنہوں نے بھی اِس بات کی تصدیق وتائید کی۔ نیز عادل صاحب اپنی گفتگو سے انتہائی ماہر، پیشہ وَر، تجربہ کار اور زیادہ عمر کے بھی معلوم ہونے کے ساتھ ساتھ ایک قانون دان معلوم ہوتے تھے لہٰذا سائل کے پاس اُن کی بات کو مانے بغیر کوئی چارہ نہ رہا۔

یہاں یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ سائل پر یہ اعتراض بے جا ہے کہ سائل اپنی بریت اور سروس بحالی کے عدالتی حکم کے بعد فوری طور پر ڈیوٹی پر حاضر نہ ہوا کیوں کہ سیشن کورٹ سے بریت کے باوجود سروس ٹریبونل کے فیصلہ کے بغیر سائل ڈیوٹی پر نہیں آسکتا تھا اور سروس ٹریبونل کے فیصلہ کے بعد بھی آپ کی طرف سے عدالتی فیصلہ پر جزوی عمل درآمد کے نوٹیفکیشن کا انتظار کرنا پڑا۔ سائل کی تاریخ بریت تو مورخہ 05-0-2019ء تھی لیکن فیصلہ فوری طور پر موصول نہ ہو سکا اور جج صاحب نے سائل کو روسٹرم پر بُلا کر فرمایا کہ "سجاد! آپ بری ہو گئے ٹھیک ہے؟ لیکن کیا آپ میری ایک نصیحت مانیں گے؟" سائل نے اُن سے پوچھا کہ کیا نصیحت ہے تو اُنہوں نے فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ نے آپ کو (صرف) اپنے اوپر کنٹرول دیا ہے۔ آپ صرف اپنے ذمہ دار ہیں کسی اور کے نہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ سے صرف آپ کے متعلق پوچھے گا اور قانوناً بھی آپ صرف اپنی ڈیوٹی کے پابند ہیں کسی اور کے نہیں۔ آپ کے بس میں پورے نظام کو بدلنا ہرگز نہیں لہٰذا آپ صرف اپنے آپ کو سدھاریں۔ آپ بری ہو گئے ہیں لیکن فیصلہ کے لئے آپ کو کچھ روز بعد آنا ہوگا۔ میرے پاس بہت زیادہ رش ہوتا ہے لہٰذا ابھی فیصلہ نہیں لکھا جا سکا کچھ روز بعد آپ کو ملے گا"

سائل قبل ازیں بہت خوفزدہ تھا اور والدہ ام کے ہمراہ اکیلا ہی پریشان اور دعائیں مانگ رہا تھا۔ سائل اللہ تعالیٰ سے اپنی گناہوں کی معافی بھی طلب کر رہا تھا اور سائل نے اللہ تعالیٰ سے وعدہ کیا کہ مخلوق کے ساتھ بھلائی کے ضمن میں جو سائل سے کمی کوتاہی ہوتی رہی ہے اب سائل اُس پر نظرِ ثانی کرتے ہوئے انشاءاللہ سائل اللہ کی مخلوق کا خیال رکھے گا اور کبھی اُسے تنگ نہیں کرے گا۔ سائل نے عورتوں کے رویہ سے تو تنگ آکر پہلے ہی قسم کھالی تھی کہ اب سائل بھی انشاءاللہ کبھی کسی عورت کے ساتھ کوئی

جناب والا کیا اُسے TA/DA نہیں ملا؟ کیا اُس نے ایسے گھٹیا کام کے لیے سرکاری وسائل ضائع کیے؟ کیا اگر یہ مہمان نوازی درست تھی تو اِس کا موقع سائل کو بھی نہیں دیا جانا چاہیے تھا تاکہ معاملہ برابر ہو جائے اور کسی ایک طرف اُس کا جکاؤ نہ رہے؟ سائل کو تو اِسکی تنخواہ جاری کیے بغیر صحیح طرح ٹرائل کا موقع ہی نہ دیا گیا اور سائل نے تنخواہ تک مہلت مانگی جسے مسترد کر دیا گیا۔ یہ لوگ تو سائل کو سرے سے تنخواہ دینا ہی نہیں چاہتے تھے جو انہیں مجبوراً دینا پڑی۔ سائل نے یہ کبھی نہیں کہا کہ اُسے ثبوت پیش کرنے کا ایک آخری موقع دیا جائے بلکہ یہ مجرمانہ حکم تو اِن لوگوں کا تھا جو سائل پر زبردستی مسلط کیا گیا اور جب پہلے دن سٹاف کی غیر موجودگی اور عادل خان اور سید علی بخش صاحب و جونیئر کلرک ارشاد صاحب اور اپنے ساتھیوں جنہیں وہ ساتھ لایا تھا کی موجودگی میں اُس نے پہلے دن مورخہ 11-08-2020 کو جب یہ حکم دیا کہ آج کی تاریخ میں میں تمہارا کوئی نہ کوئی بیان لکھ کر لے جانا چاہتا ہوں اور ارشاد صاحب کو سائل کے ساتھ الگ کمرے میں بھیج دیا گیا کہ اپنا آج کا بیان لکھ کر دو اور یہ بھی لکھ کر دو کہ میرے پاس ثبوت پیش کرنے کا آخری موقع ہے مجھے آخری موقع دیا گیا ہے تو سائل نے ارشاد صاحب سے یہ باتیں لکھوائیں اور یہ کہا کہ اِن کی طرف سے یہ کہا گیا ہے کہ۔۔۔۔۔۔۔۔سائل نے اپنی طرف سے کبھی نہیں کہا کہ مجھ اِس کا آخری موقع دیا جائے یا میرے پاس کہنے کو جو کچھ تھا وہ ختم ہو گیا ہے۔ یہ تو اِن لوگوں کی ایک مجرمانہ کوشش اور ان کے جرائم پر پردہ ڈالنے کی ایک ناپاک سازش تھی۔ ورنہ عدالت عظمیٰ سے بھی آخری فیصلے کے بعد نئے شواہد کی بنا پر کوئی بھی مقدمہ کسی بھی فورم پر دوبارہ کھولا جا سکتا ہے۔ لہذا مذکورہ ارشاد صاحب کے ہاتھوں کا لکھا گیا بیان سائل درخواست ہذا سے لف کرنے کی کوشش کرے گا اور عدالت میں بھی جمع کروائے گا۔

ارشاد صاحب نے سائل کی جانب سے جو بیان تحریر کیا اُس میں سائل نے یہ بھی تحریر کروایا تھا کہ جیسا کہ سائل پر ہمیشہ یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ کسی کی بھی اِس کے ساتھ نہیں بنتی اور ہر ایک سے اِس کا شدید جھگڑا ہی رہتا ہے مگر جناب ارشاد صاحب کے ساتھ الحمدللہ میری کبھی بھی کوئی تلخ کلامی نہ ہوئی تھی اور اُس وقت تک عادل صاحب کے ساتھ بھی اچھے تعلقات تھے مگر جب عادل صاحب بھی روائتی افسر اور ارشاد صاحب روائتی کلرک بنتے ہیں تو پھر ان کے ساتھ کچھ نہ کچھ مسئلہ ہو سکتا ہے لیکن ابھی تک اللہ کا شکر ہے کہ ارشاد صاحب کے ساتھ کوئی خاص مسئلہ نہیں بنا جس کی اُنہوں نے خود انکوائری افسر کے سامنے تصدیق کی اور اِس خراب ماحول میں بھی سائل کے خلاف گواہ بننے سے گریز کرتے ہوئے کہا کہ میں تو اُس وقت جب اِن پر مقدمہ بنا یہاں تھا ہی نہیں اور میرا اِس مسئلہ سے کوئی تعلق نہیں لیکن سائل نے یہ پوچھا کہ کیا آپ کا اور میرا ابھی کبھی جھگڑا یا اختلاف ہوا ہے؟ تو اُنہوں نے اِس کی نفی کی۔

اِنہی ارشاد صاحب کے ہاتھوں کی لکھی ہوئی سائل کی جانب سے وہ تحریر بھی ہے جس میں آپ کے نام درخواست کے ذریعے انکوائری افسر اور موجودہ انکوائری وغیرہ کے عمل پر اعتراضات کرکے بوساطت سپرنٹنڈنٹ عادل خان صاحب درخواست آگے بھیجنا چاہی جسے اُنہوں نے فارورڈ کرنا تو درکنار سرے سے وصول کرنے سے ہی نہ صرف انکار کیا بلکہ سخت دھمکیاں بھی دیں اور یہ عزر و بہانہ بھی کیا کہ ابھی تمہاری انکوائری چل رہی ہے۔ دورانِ انکوائری کسی کو بھی نا لکھوں حالانکہ جس تفتیشی، جس انکوائری افسر یا جس جج پر کسی کو اعتراض ہو تو اُس کے خلاف درخواست دی جاتی ہے اور اُسے تبدیل بھی کیا جاتا ہے۔ کیا ہمارے محکمہ میں میرے ساتھ خصوصاً کبھی ایسا ہوا؟ کیا عدالت نے آپ کو منصفانہ انکوائری کا حکم نہیں دیا تھا؟ آپ پر اِس وقت خود عدالتی فیصلہ پر عدم عمل درآمد و توہین عدالت کا سنگین مقدمہ زیر اپیل نمبر 106/20 سروس ٹریبونل میں چل رہا ہے جس کی تاریخ مقررہ 20-04-2021 ہے اور آپ سائل کو نام نہاد FIR کا طعنہ دیتے ہیں؟؟!!! ہمارے وزیر اعظم آپ کے بڑے عمران خان صاحب پر پی ٹی وی حملہ کیس میں دہشتگردی کا مقدمہ چل رہا ہے اور ان کی حکومت سائل کے خلاف نام نہاد FIR کو ایشو بنا رہی

جانبدار امپائر کا تصور دینے والے ہی یہ تھے۔ مگر آج ان کی گھٹیا حکومت میں آپ جیسے گھٹیا افسران اس اُصول کو پسِ پشت ڈالے ہیں۔ اگر سائل پر یہ اعتراض ہے کہ یہ عام طرز تحریر اور درخواست کے انداز سے ہٹ کر لکھتا ہے تو آپ بھی تو ایسے عجیب و غریب اور انوکھے کام کرتے ہیں کہ سائل یہ سب کچھ کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ جو قانون آپ کو یہ سب کچھ کرنے کی اجازت دیتا ہے تو وہ قانون پھر سائل کو یہ سب کرنے کی اجازت کیوں نہیں دیتا؟

سائل کے وکیل ناصر مشتاق نے ریاض الحق ثانی اور آپ جیسے گھٹیا افسران کی گھٹیا تحاریر کو پڑھ کر سائل کو سنے بغیر محض یکطرفہ گھٹیا موقف کی بنا پر سائل کو ڈانٹنا شروع کیا کہ آپ اِنہیں کیوں گالیاں دیتے رہے اگر وہ غلط کرتے رہے تو آپ بھی غلط کرتے رہے اگر وہ آپ کو کیچڑ میں دھکیلتے رہے تو آپ خود کیچڑ میں اپنے پائنچے دباتے رہے لیکن کیا اِنکی تمام تر غلط کاریوں اور سائل کی اتنی سنگین شکایات اور تھکا دینے والی جدوجہد کے باوجود آج تک کسی ایک کو بھی سزا ہوئی؟ یہ لوگ تو اُلٹا سائل پر طعنہ زنی کرتے ہیں کہ تماری درخواستوں آج تک کسی کا کیا بگاڑا؟ اُلٹا تمہارا ہی نقصان ہوا اور تمہیں ہی سزا ملی بلکہ عبدالبصیر افغانی صاحب تو بعد از ریٹائرمنٹ سائل جیسے حاضر سروس کو ادارہ میں آ کر شدید دھمکیوں اور دباؤ کا نشانہ بناتے ہوئے گالیاں دیتے اور کہتے کہ ''تمہاری درخواستوں نے آج تک کیا کسی کا کوئی لن (عضو تناسل) بگاڑا؟''

نوٹ: جیسا کہ یہ لوگ سائل کے الفاظ کو ریکارڈ کا حصہ بنا سکتے ہیں اور نہال ہاشمی کیس میں سپریم کورٹ یہ ریمارکس دے سکتی ہے کہ ''ہمیں گالیوں کے الفاظ کو ریکارڈ کا حصہ بناتے ہوئے شرم نہیں آتی'' تو سائل بھی اب ایسا کرنے پر مجبور ہے۔

جناب والا! Natural Justice کا ایک یہ اُصول بھی ہے کہ ''No shall be judge by his own cause'' یعنی اگر کوئی گواہ، کوئی تفتیشی، کوئی انکوائری افسر یا کوئی جج وغیرہ پہلے ہی کسی کی وجہ سے متنازعہ ہو چکا ہو تو وہ اُس امر میں فیصلہ ساز نہیں بن سکتا۔ کسی اُصول کے تحت تو جو جج پہلے کسی کا وکیل رہ چکا ہو یا کسی کا کوئی رشتہ دار یا کسی اور کیس میں اُس کے متعلق رائے دے چکا ہو تو اُسے دوبارہ اُس شخص کا جج نہیں بنایا جا سکتا۔ مگر جب آپ نے ریاض الحق ثانی کو پہلی مرتبہ 2013 میں سائل کا انکوائری افسر مقرر کیا تو اُس وقت سائل نے اِس کا سابقہ مجرمانہ اور متنازعہ کردار بے نقاب کیا اور بتایا کے کس طرح بطور DO یہ اِس مافیہ کو بچاتا رہا؟ 2012 میں سٹاف کے طرف سے لکھی گئی سائل کے خلاف درخواست اور اس کا سائل کی طرف سے منہ توڑ جواب بس کا ذکر سائل نے اپنی سٹیزنز پورٹل شکایات میں بھی کیا اِس کو دبا دینے جیسے مجرمانہ عمل کے باوجود ریاض الحق ثانی کے خلاف محکمانہ کاروائی کے بجائے آپ نے اُس کی عزت افزائی کرتے ہوئے بدنیتی کی بنیاد پر اسے سائل کے خلاف اُسے نشانہ بناتے ہوئے انکوائری افسر مقرر کیا اور تمام تر اعتراضات اور تحفظات کے باوجود نہ صرف اُس کی انکوائری کو برقرار رکھا بلکہ 2016 میں پھر اُسے یہی گھٹیا ٹاسک سونپ دیا گیا اور اُسے باعزت ریٹائر کر دیا گیا مگر اب جب کہ اُسکی نام نہاد انکوائریوں کو عدالتیں بھی غلط اور کالعدم قرار دے چکی تھیں اور سائل کے خلاف تمام جھوٹا ریکارڈ اِنہی نام نہاد انکوائریوں کی بنیاد پر تھا جو کالعدم ہو گیا اور عدالت نے از سرِ نو انکوائری کا حکم دیا تو نیا گھٹیا انکوائری افسر بھی اُسی کے نقشہ قدم پر چلتے ہوئے انتہائی بے شرمی سے اُس کا دفاع کرنے لگا اِسے یہ تو نظر آیا کہ سائل نے ٹیلیفون کال پر اُس کے شیان شان سائل نے الفاظ استعمال کیے مگر دیگر ٹیلیفونز کالز اور کرتوت نظر نہ آئے۔ چنانچہ اب آپ پھر اسی جانبدار افسر کی انکوائری پر ایک بار پھر انتقام کا نشانہ بناتے ہوئے سائل کو ملازمت سے سبکدوش کرنا چاہتے ہیں۔

سٹاف اِس بات کا گواہ ہے کہ عادل خان نے انکوائری افسر کو ڈکٹیٹ کیا اور رشوتاً اُسے مٹن بھی کھلاتا رہا جس پر جب سائل نے اعتراض کی اتو اس کا شدید مزاق اُڑایا گیا اور کہا گیا کہ وہ ہمارا مہمان ہے کیا ہم اپنے مہمان کی خدمت نہ کریں؟

دیتے ہیں تو رؤف خٹک کے خلاف تو سائل کے علاوہ عدالت نے بھی لکھا ہے۔ اِس پر آپ کیا فرمایئے گا؟ تو یہ جان بوجھ کر انجان بن گیا اور پوچھنے لگا کے رؤف خٹک کے خلاف عدالت نے اپیل 219/17 کے فیصلہ میں کیا لکھا؟ حالانکہ سائل کے خلاف اِنہیں سب کچھ لکھا ہوا مل جاتا ہے اور فیصلہ اُنہوں نے پڑھا تھا جب ہی تو پوچھا کہ اگر آپ سیشن کورٹ سے بری ہوئے تو سروس ٹریبونل نے آپ کے خلاف انکوائری کا حکم کیوں دیا لیکن رؤف خٹک کے خلاف فیصلہ نظر نہ آیا اور بعدازاں اُس کی صفایاں دینے لگے کہ کیا آپ کبھی ملے بھی ہیں رؤف خٹک صاحب سے؟ سائل نے بتایا کے جی ہاں! ملا تھا اور اُسے کے گھٹیا رویہ پر بھی روشنی ڈالی۔ نیز ایک اور نابینا لیڈر اور سماجی کارکن عبدالقیوم صاحب جو پشاور سے ایک معلم ریٹائر ہوئے وہ بھی اِس مکروہ شخص کو نابینا افراد کا دشمن کہتے ہیں۔

چنانچہ جس دن ہم اکھٹے یعنی دونوں فریق یعنی سائل اور ادارہ کا سٹاف آپس میں بحث و مباحثہ کر رہے تھے جسے بہت کم ریکارڈ کا حصہ بنایا گیا بلکہ بنایا ہی نہیں گیا اُس روز انکوائری افسر نے سائل کی زد میں عدالتی فیصلہ پڑھنا شروع کیا اور کہا کہ عدالتی فیصلہ میں صرف یہ کہا گیا ہے کہ انہیں آمنے سامنے بٹھا کر cross/examine کیا گیا ہے۔ یہ کہیں نہیں لکھا کے تمہیں بھی سوالات کی اجازت دے کر ان سوالات و جوابات کو بھی ریکارڈ کا حصہ بنایا جائے تو سائل نے پوچھا کہ cross /examine کا مطلب کیا ہوتا ہے؟ نیز بعدازاں سائل نے وکلاء سے تصدیق کے بعد اُن سے یہ بھی عرض کی کہ آپ اگر E&D rule کی بات کر رہے ہیں تو اُسکا رول نمبر 11 پڑھ لیجیے جس میں نہ صرف انکوائری افسر کے اختیارات بتائے گئے ہیں بلکہ یہ بھی کہا گیا ہے کہ گواہوں پر جرح یعنی cross /examine ضابطہ دیوانی 1908ء کے تحت ہوگا۔ بہر حال فیصلہ پڑھنے کے دوران رؤف خٹک سے متعلق عدالتی فرمودات بھی سامنے آئے تو سائل نے برجستہ عرض کی۔ یہی وہ باتیں ہیں جن کے متعلق آپ سائل سے پوچھ رہے تھے کہ **رؤف خٹک کا کیا گناہ ہے؟ مگر یہ بے ایمان پھر اپنے افسر کو بچا گیا۔**

☆ جناب والا! جیسا کہ عدالت نے اپنے فیصلہ میں قرار دیا تھا کہ رؤف خٹک جو اسسٹنٹ ڈائریکٹر کی حیثیت سے ڈائریکٹر کے قائم مقام کے طور پر سائل کیخلاف اظہار وجوہ نوٹس پر ڈائریکٹر کی جگہ دستخط نہیں کر سکتا تھا جو کہ بالکل غیر قانونی اقدام ہے اور اس نے ایسا کر کے سنگین لاقانونیت کا ارتکاب کیا ہے مگر آپ سب کچھ بھول کر ایک بار پھر نہ صرف یہ کہ درندوں کی طرح سائل پر ٹوٹ پڑے بلکہ یہ کہتے ہوئے کہ عدالت نے صرف سائل ہی کو قصوروار قرار دیتے ہوئے اِس کے خلاف انکوائری کا حکم دیا وہی غلطیاں دوبارہ دہرا رہے ہیں اور اِس بار پھر ایک اظہار وجوہ نوٹس پر نہ صرف دوبارہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر کے دستخط ہیں بلکہ آپ کو سائل کو نکالنے کی اِس قدر جلدی ہے کہ آپ نے مجبوراً سائل کو بحال تو کیا مگر بحالی کے ساتھ ہی چارج شیٹ، dicsiplinary statement of alligations،action اور انکوائری نوٹیفیکیشن بھی ایک ساتھ ہی بھیج دیا اور اب بظاہر تو آپ سائل کو برطرف کرنے کے لئے قانونی تقاضے رسمی کاروائی کے طور پر پورے کر رہے ہیں مگر الگ الگ تین اظہار وجوہ نوٹسز جاری کرنے کے بجائے ایک ساتھ ہی، ایک ہی لفافے میں، ایک ہی تاریخ میں، ایک ہی لیٹر نمبر کے تحت دو اظہار وجوہ نوٹسز جاری کر دیے۔ جناب والا! کیا سائل اتنا ہی بُرا ہے؟

☆ جناب والا! آپ کے بڑے یعنی محترم وزیر اعظم عمران خان (شیطان خان) صاحب تو اقتدار میں آنے سے قبل اس طرح کی مثالیں پیش کرتے تھے کہ خلافتِ راشدہ میں قاضی باپ کے حق میں بیٹے کی گواہی قبول نہیں کرتا کہ ان دونوں کا باہم تعلق ہے اور حضرت علیؓ اور حضرت امام حسنؓ جیسی شخصیات کے مقابلہ میں ایک یہودی کو شق کا فائدہ دے کر اُس کے حق میں فیصلہ کر دیتا ہے۔ نیز آپ کے بڑے وزیر اعظم تو غیر جانبدار امپائر کی بات کرتے ہیں اور اِس بات کا بڑے فخر سے دعویٰ کرتے ہیں کہ دنیا کو غیر

۱۔ C for Concent یعنی اجازت۔ جیسا کہ کھیل کھیل میں ہم اگر ایک دوسرے کو مارتے ہوئے شدید چوٹ بھی پہنچا دیں تو کوئی مواخذہ نہیں کیونکہ یہ باہم رضامندی سے ہوا ہے۔

۲۔ C for Compulsion یعنی مجبوری

۳۔ C for Communication in Good faith یعنی اگر کسی نے کوئی بات نیک نیتی سے یا بطور خبر کہی یا بتائی اور اِس کے نتیجہ میں اگر کوئی نقصان ہوا تو کہنے یا بتانے والا ذمہ دار نہ ہوگا۔

۴۔ CfoCausingsliteHarm یعنی چھوٹا موٹا نقصان جیسے ایک بچا دوسرے بچے کو کھیل ہی کھیل میں پینسل مار دے وغیرہ۔

14 I یہ ہیں۔

۱۔ I For Infency یعنی سات سال سے کم عمر بچا اگر بم بھی چلا دے تو اُس پر کوئی گرفت نہیں۔

۲۔ I for Immaturity جو کہ بارہ سال تک بچا اگر کوئی جرم کرے تو یہ عدالت کی صوابدید ہوگی کے وہ اِس کے ساتھ کیا معاملہ کرتی ہے؟ لیکن آپ تو سائل کو بھی ایک طرف تو "immature" قرار دیتے ہیں تو دوسری طرف سائل پر فوجداری مقدمہ بھی کرتے ہیں۔

۳۔ I For Insanity یعنی پاگل پن۔ جیسا کہ ایک طرف آپ سائل کو پاگل قرار دیتے ہیں تو دوسری طرف اِس پر فوجداری مقدمہ بھی کرتے ہیں؟؟!!

۴۔ I for Intoxication یعنی کسی کو نشہ پلا کر کوئی جرم اُس سے سرزد کروانا۔

جیسا کہ سائل نے خصوصاً اپنی مذکورہ 300 صفحات کی درخواست میں مذکورہ بالا حقائق بیان کرتے ہوئے یہ بھی بتایا کہ ڈرائیور ذاکر جو کہ ایک منشیات پیشہ شخص ہے اِس نے کئی مرتبہ دھوکہ سے سائل کو نشہ پلایا اور اُس روز بھی سائل کی ذہنی حالت قابل رحم تھی جب مذکورہ زہر والا واقعہ پیش آیا جو زیر دفعات 337J/511PPC سائل کے خلاف اندراجِ مقدمہ بدنیتی بنیاد پر ہوا اور دیگر لوگوں کو چھوڑ دیا گیا جبکہ آپ سب کے خلاف تو مزید دفعات بھی لگنی چاہئیں۔ جیسا کہ سائل نے سروس ٹریبونل میں بھی یہ موقف اختیار کیا کہ اِس نے بیرسٹر چوہدری اعتزاز احسن صاحب سے بذریعہ میڈیا یہ بھی سُن رکھا ہے کہ اختیارات کا غلط و ناجائز استعمال (misuse of powers / authority) بھی ایک ایسا جرم ہے جو قابل دست اندازی پولیس اور 14 سال قید کا باعث ہے۔ افسوس کہ عدالت نے سائل کی درخواست پر عمل نہ کرتے ہوئے آپ کو اِس جرم کے تحت بھی سزا نہ دی ورنہ آپ لوگ یوں باعزت ریٹائر ہو کر سرکاری خزانے پر بوجھ اور اِس کے نقصان کا باعث نہ بنتے۔ چنانچہ آپ کے جرائم کا ذمہ دار معزز بینچ بھی ہوگا جو اگر بار بار توجہ دلانے کے باوجود بھی آپ کو سزا نہیں دے گا۔

سائل نے معزز بینچ سے یہ بھی درخواست کی تھی کہ اگر کسی عام فردِ واحد کے ساتھ دھوکہ دہی ایک قابل دست اندازی جرم ہے تو عدالت کے ساتھ دھوکہ دہی جرم کیوں نہیں۔ آپ خواتین و حضرات نے جو سروس ٹریبونل میں جھوٹ بولا کہ سائل نے اپنی بر طرفی کے خلاف کوئی محکمانہ اپیل سرے سے کی ہی نہیں اور آپ کے انکوائری افسر نے جو یہ جھوٹ تحریر کیا تھا کہ سائل نے اپنے دفاع میں جو مذکورہ 300 صفحات کی درخواست جمع کروائی اُس میں ایک لفظ بھی اپنے خلاف عائد شدہ چارجز کے جواب اور اپنے دفاع میں نہیں کہا۔ یہ دو آپ کے بڑے نمایاں جھوٹ تھے مگر افسوس کے عدالت نے پھر بھی آپ کو معاف کر دیا لیکن رؤف خٹک جیسے افسران کے خلاف تو ٹریبونل نے اپنے فیصلہ میں تبصرہ کیا اُن کے خلاف کیا کاروائی ہوئی اور انکوائری افسر نے اُس کے بارے میں کچھ ارشاد کیوں نہ فرمایا؟ بلکہ جب سائل نے اِس طرف انکوائری افسر کی توجہ دلائی کہ آپ جو سائل کو عدمِ ثبوتوں کا حامل قرار

سائل نے تنگ آ کر اور مجبور ہو کر زہر ملایا ہے تو پہلے مجرم آپ ہیں جنہیں سائل کی شق کی بنا پر بریت تو گوارہ نہیں لیکن آپ کے خلاف جولاریب/لاشق ٹھوس اور معقول، ناقابل تردید، حتمی اور قطعی دلائل وشواہد اور براہین موجود ہیں جنہیں فراموش اور نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ افسوس کے وکلاء نے مجھے آپ سب کو شامل مقدمہ نہ کرنے دیا لیکن اب میرے ہاتھ پیر آزاد ہو چکے ہیں یہ کہاں کا انصاف اور کیس عجیب قانون ہے جو کہانی صرف زہر ملانے سے شروع کرتا ہے اور پس پردہ حقائق سے آنکھیں بند کر لیتا ہے؟

سائل نے اپنے چارج شیٹ کے جواب میں یہ قلعی کھولی ہے کے سائل کا زہر ملانے میں کوئی ہاتھ نہیں اور کون کون اس کا ذمہ دار ہے؟ وہ کونسی گولیاں ہیں جو اتنی دیر گزرنے کے باوجود بھی پانی میں حل نہ ہوئیں اور سائل کی گرفتاری کے بعد بھی جب رات کو تفتیشی آیا تو چھ ٹکرے گولیوں کے پانی میں سلامت پائے گئے؟ وہ کونسی چوہے مار گولیاں اور کونسا اتنا بڑا گولیوں کا پیکٹ ہوتا ہے جس میں اتنی زیادہ گولیاں ہیں کہ گواہان x چھ ٹکرے؟ جو بھی آتا ہے صحیح سالم چھ ٹکرے گولیوں کے پانی سے اتنی دیر بعد نکالتا ہے اور وہ گولیاں پانی میں گھل بھی نہیں جاتیں؟ گولیاں نکالنے کے باوجود بھی FSL رپورٹ مثبت آجاتی ہے اور کسی کے فنگر پرنٹس کا بھی کوئی تعین نہیں کہ اِن گولیوں کو کس نے چھوا اور بقول پولیس کے جو خالی پیکٹ سائل سے برآمد کیا اُس کا بھی کوئی فنگر پرنٹ نہیں؟؟

جناب والا! پولیس سمیت تمام حکام بالا کو سائل کی جانب سے پیشتر مقدمہ FIR علت نمبر 1044 بمقام تھانہ کینٹ ایبٹ آباد مورخہ 26-11-2014ء درخواستیں موصول ہوتی رہیں مگر پولیس نے سائل پر شدید زیادتیاں کیں اور مقدمہ بعنوان ''سرکار بنام سجاد'' جس کا فیصلہ مقدمہ نمبر 42 / vii کے تحت ایڈشنل سیشن جج ایبٹ آباد کی عدالت سے مورخہ 05-08-2019ء کو سامنے آیا جس میں یہ بھی قرار دیا تھا کہ مستغیث صاحبزادہ شمس الرحمان ولد خلیل الرحمان سابق سپرنٹنڈنٹ گورنمنٹ انسٹی ٹیوٹ فار دی بلائنڈ ایبٹ آباد سوشل ویلفیئر آفیسر محکمہ ھذا پہلے ہی سائل کی جانب سے کئی درخواستوں میں نامزد ملزم ہے۔ جن درخواستوں سے ہرگز انکار نہیں کیا جا سکتا۔ **جناب والا اُسے تو عدالت نے نامزد ملزم قرار دیا مگر آپ نے اُسے باعزت ریٹائر کر دیا؟؟!!** پوچھنا تو پڑتا ہے کہ آخر یہ لوگ کیا آپ کے باپ لگے ہیں یا کیا لگتے ہیں؟؟ اگر آپ کو سائل کے یہ الفاظ اتنے ہی ناپسند ہیں تو آپ سائل کو یہ الفاظ کہنے کا موقع کیوں دیتے ہیں؟ لہذا سائل خواہ زہر ملائے، آپ کو گالیاں دے یا کوئی بھی جرم کرے اس کے پہلے ذمہ دار آپ خود ہیں۔

جناب والا! کیا آپ یہ نہیں جانتے کہ جو غلام اپنے آقا، جو نوکر اپنے مالک، جو اولاد اپنے والدین، جو بیوی اپنے شوہر یا ایک دوست اپنے دوست کی وجہ سے گناہ گار ہو گا تو وہ اِن سب لوگوں کو بھی اپنے ساتھ جہنم میں لے جائے گا جن کی وجہ سے وہ جہنمی ہوا؟ یہ تو اللہ کا انصاف ہے اور آپ کا انصاف یہ ہے کہ آپ ایک تو کسی کو تنگ بھی کریں اور تنگ کرنے والوں کو چھوڑ کر اُسی کا ہدف بنائیں جو پہلے ہی مظلوم اور ظلم وزیادتیوں کا شکار رہا ہو۔

۔۔۔ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام ۔ وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچہ نہیں ہوتا۔۔۔

جناب والا! قانون مجبوراً چھوٹے موٹے جرم کی اجازت دیتا ہے اور ضرورت کے تحت ایسا کام کرنے کی اجازت دیتا ہے جو عام طور پر جرم کے زمرے میں آتا ہے۔ چنانچہ تعزیرات پاکستان (پاکستان پینل کوڈ،،،PPC) میں ''جنرل ایکسپشنل رول'' جو کہ دفعہ 76 سے لے کر 106 تک ہے اِسی پر بحث کرتا ہے کہ کون کون سے حالات میں آپ کوئی جرم کر سکتے ہیں؟ کن کن حالات میں اگر آپ جرم کرتے بھی ہیں تو پھر بھی آپکو رعایت دے دی جاتی یا دی جا سکتی ہے اور جرم کے باوجود بھی سزا نہیں ہوتی۔ سائل خود بھی ایک قانون کا طالبعلم ہے اور یہ سبق یاد کرنے کے لئے چارٹ C اور چار ابہت اہمیت کے حامل ہیں۔

ڈسٹرکٹ گورنمنٹ پلیڈر نمبر ا ایبٹ آباد جناب صدیق صاحب ایڈووکیٹ جو کہ خود ایک معذور شخص یا نام نہاد معذور ہونے کے باوجود معذور کوٹہ پر بھرتی ہوئے اور جائیکا کے اے سٹار پروجیکٹ کی سٹیرینگ ٹیم کے اہم رکن رہنے کے علاوہ سرکاری وکیل ہونے کی حیثیت سے جنہیں ریاستی مفادات کا تحفظ کرنا چاہیے وہ بھی سائل پر شدید دباؤ ڈالتے اور اِسے شدید بدنام کر رہے ہیں۔ اُنہیں بھی مذکورہ زہر خورانی جیسے صرف سائل ہی کے جرائم نظر آتے ہیں اور کسی اور کا کوئی جرم نظر نہیں آتا حالانکہ موصوف جائیکا کی لیڈر شپ ٹریننگ میں سائل کو ڈالنے والے یہی تھے اور سائل سے شدید متاثر تھے مگر اب ہر ایک کے سامنے سائل کے خلاف منفی پروپیگنڈا کرتے ہوئے جملہ باتوں کے علاوہ یہ بھی کہتے ہیں کہ ’’میں نے اِس کے لیئے DC کی بھی منت کی اور کہا کہ جناب اِسے ایک موقع اور دے دیں‘‘ حالانکہ ڈی سی اُلو کے پٹھے کو اِس بات سے غرض کیوں ہے کہ سائل اپنی کرپشن مخالف اور برائے حصولِ انصاف اپنی جدہ جہد کو ترک کردے۔

عدالت خان جیسے لوگ ہمیشہ سائل پر جملے کستے اور اِسے شرارتی قرار دیتے ہیں اور عبدالبصیر افغانی صاحب جو پہلے ہی کئی برس قبل اپنی عمر 72 برس بتاتے تھے اگر بغیر آزادانہ، منصفانہ، غیر جانبدارانہ، دیانتدارانہ، حقیقت پسندانہ اور شفاف انکوائری کے وفات پا گئے تو ذمہ داران آپ سب لوگ ہونگے۔

صدیق ایڈووکیٹ جیسے لوگ جو ہمیشہ سائل کو ڈانٹ دیتے ہیں کہ تم جھوٹ بولتے ہو۔ تم نے زہر ملایا ہے اور تم فلاں فلاں انداز میں حلف اُٹھا کر کہو کے تم نے زہر نہیں ملایا اور ایسے حلف کے باوجود بھی سائل کی جان نہیں چھوڑتے۔ حالانکہ سائل اپنے مخالفین کو بھی تو ایسے حلف کا چیلنج دیتا آیا ہے اور اب صدیق صاحب کو بھی ایسے ہی حلف کا چیلنج ہے کہ وہ یہ بتائیں کہ جائیکا میں بدعنوانیوں سمیت اُن پر جو الزامات لگتے ہیں اور خصوصاً سائل کے سامنے جو اُنہوں نے پاکستان اور بانی پاکستان کو شدید بُرا بھلا کہتے ہوئے گالیاں دیں اور ہمیشہ ان کے منہ میں خُرافات اور آواز ایسی ہوتی ہے گویا چرس پی کر آئے ہیں۔ خود ان کے اپنے لوگ اُنہیں ذہنی طور پر غیر متوازن کہتے ہیں۔ تو کیا ان باتوں کے لئے بھی سائل کا حلف کا چیلنج قبول کرتے ہیں؟

☆ جہاں تک پولیس کی بات ہے تو جب اتنے بڑے بڑے بھیریے سائل کے خلاف اور اِس کے درپے ہیں تو اس بدعنوان، رشوت خور / خراخور پولیس کی اوقات ہی کیا ہے؟ اس کے خلاف تو ٹیلی ویژن پر کئی ڈرامے اور فلمیں بھی منظرِ عام پر آتے رہتے ہیں جنہیں چیلنج کرنے کی جرت اِس بے غیرت پولیس کو نہیں ہوتی اور معاشرہ میں اِس کا اپنا تشخص بھی کچھ اچھا نہیں۔ تاہم سائل پھر بھی ہر محکمہ کے تمام لوگوں کو بُرا بھلا نہیں کہتا لیکن اِنکی غالب اکثریت بدعنوان ہے۔ جناب والا! اگر سائل پر لگائے گئے زہر خورانی جیسے گھناؤنے جرم کو تسلیم کر بھی لیا جائے تو مندرجہ بالا حقائق سے یہ بات بخوبی عیاں اور منطقی طور پر ثابت ہوتی ہے کہ اگر بلفرض سائل نے زہر ملایا بھی ہے تو آپ تمام لوگ اس کے سب سے پہلے ذمہ دار ہیں جنہوں نے سائل کی سنوائی نہ کی اور مجبوراً تنگ آکر سائل کو زہر ملانا پڑھا۔ کون اُلو کا پٹھا ہے جو آپ کو چھوڑ کر صرف سائل ہی کو موردِ الزام ٹھہراتا اور اِسے ملزمان نہیں بلکہ مجرمان کی فہرست میں لا کھڑا کرتا ہے؟

جناب والا! آپ کے بڑے یعنی محترم وزیرِ اعظم عمران خان، شیطان خان کا بھی تو یہی کہنا ہے کہ مجرم کا ساتھ دے کر جرم میں اُس کا معاون اور جرم کی وجہ بننے والا ہی مجرم ہے مگر آج اس کی اپنی حکومت میں صرف سائل ہی کو کیوں مجرم قرار دیا جارہا ہے؟ جرم ثابت ہونے سے پہلے ہی سائل کے ساتھ وہ سلوک کیا گیا جو ہٹلر اور چنگیز خان اور ہلاکو خان کے ساتھ بھی نہ ہوا۔

جناب والا! اگر ہم اپنے مذہب کو دیکھیں تو ابلیس جو کہ خُدا کا انکار نہیں کرتا اور خُدا کا انکار کرنے والا دھریہ جو کہ سب سے بڑا خُدائی مجرم ہوتا ہے ابلیس اُس دھریہ سے بھی بڑا مجرم ہے کیونکہ وہ دھریت سمیت جملہ گناہوں کی اصل اور بنیاد ہے۔ چنانچہ اگر

ریفر کرتے ہوئے اُنہی کی جھوٹی، بے بنیاد، جانب دارانہ، غیر حقیقت پسندانہ، غیر منصفانہ، غیر دیانتدارانہ اور غیر شفاف انکوائریوں پر انحصار کرتے ہوئے سائل کو جھوٹا اور عدم ثبوتوں کا حامل قرار دیا اور اُس کے بعد جب بھی کوئی درخواست کمشنر سے ڈپٹی کمشنر کو ہوتی ہوئی ADC آفس آتی اور پھر DO سوشل ویلفیئر کو آجاتی جس کا ایسا ہی نامعقول جواب دے کر ہمیشہ سائل کی درخواستوں کو مسترد کر کے ایک نئے پلندے کا سائل کے خلاف اضافہ کر دیا جاتا۔ حالانکہ دفتر ADC میں ہمارے محکمہ کے متعلق جو فائل موجود ہے جس کا نمبر 1/149 ہے اِس میں نہ صرف سائل بلکہ کئی دیگر لوگوں کی بھی درخواستیں شامل ہیں۔

☆ بلآخر قصہ مختصر سائل نے یہ معاملہ خیبر پختونخواہ سٹیزن پورٹل پر اُٹھایا اور اُس وقت یعنی 2016ء میں سائل کی ملازمت بھی جا چکی تھی چنانچہ سائل نے پورٹل شکایات کوڈ نمبر 15752 اور 15753 میں اِس مسئلہ کو اُٹھا کر معاملہ کو مختصر کرتے ہوئے چند افراد مثلاً جناب حبیب اللہ صاحب، **جناب عبدالبصیر افغانی صاحب**، سردار برادران اور چوکیداران کو شامل انکوائری کرنے کا مطالبہ کیا مگر وہاں پر ADC کا PA عدالت خان سائل کے بہت خلاف تھا اور آج کل DC آفس میں کسی اہم پوسٹ پر کام کر رہا ہے۔ یہ خصوصاً سائل کی دستاویزات کے ساتھ کھلواڑ کرنے کا ذمہ دار ہے اور سائل کی درخواستیں جن میں سے ایک درخواست موصولہ بدفتر ڈپٹی کمشنر ڈائری برانچ مورخہ 06-08-2015ء زیر ڈائری نمبر 12715، دوسری درخواست موصولہ: مورخہ 08-09-2015 زیر ڈائری نمبر 15844 اور تیسری درخواست موصولہ 03-03-2016 زیر ڈائری نمبر 29046 کے نمبرات کا ریکارڈ ہی اب مذکورہ دفاتر میں نہیں ملتا جس بابت سائل نے ADC کو عدالت خان کے خلاف شکایت کی مگر ADC نے اُس کی صفائی پیش کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری ریکارڈ کہیں بھی اور کبھی بھی گم نہیں ہوتا تو پھر یہ ریکارڈ تا حال لاپتہ کیوں ہے؟

سائل نے از خود ڈپٹی کمشنر صاحب پیش ہو کر اُن سے گزارش کی کہ عدالت خان جیسے لوگوں کے رویہ کے پیشِ نظر یہ ضروری ہو گیا ہے کہ جناب مذکورہ فائل 1/149 کو ADC آفس سے طلب فرما کر مکمل طور پر از خود ملاحظہ فرما کر ایسے لوگوں کی انکوائری فرمائیں جو جناب کے لئے ایک زحمت تو ہوگی لیکن اِس رویہ کے ذمہ دار مذکورہ عدالت خان جیسے لوگ ہیں مگر یہ لوگ حُکام بالا کو سائل کے خلاف مرتب شدہ مبنی پر بدنیتی اپنا یکطرفہ ریکارڈ ہی پیش کرتے اور سائل ہی کی وضاحتوں کو چھپا ڈالتے ہیں۔ الغرض کمشنر نے جو کچھ بھی سائل کے خلاف یکطرفہ طور پر بغیر صفائی کا موقع دیے کیا **اُس کی حقیقت یہ ہے** اور اِس natural justice کے اُصول کے خلاف ہے کہ "No Man Can Be Condemned Unheard"

چنانچہ چیف سیکرٹری آفس کے بدعنوان قیصر رحمان صاحب جیسے لوگ اِس ریکارڈ کی بنیاد پر سائل کی سٹیزن پورٹل شکایات کو بند کر ڈالتے اور پھر سائل نے اِس مسئلہ کو اپنی خیبر پختونخواہ سٹیزن پورٹل شکایت نمبر 24064 میں اُٹھایا جو کہ ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر III/انتظامی مجسٹریٹ جناب انصر محمود صاحب کو ریفر ہوئی جن کا قصہ بھی سائل نے بتفصیل اپنی مختلف درخواستوں /شکایات میں تحریر کیا مگر بلآخر اُنہوں نے اِس تجویز سے اتفاق کیا کہ محکمہ کی انکوائریاں سراسر غلط اور بے بنیاد اور غیر اطمنان بخش ہیں۔ نیز بلآخر اُنہیں یہ بات بھی سمجھ آ گئی کہ سردار برادران کے خلاف خصوصاً محکمہ میں کوئی بھی بولنے کی ہمت نہیں رکھتا چنانچہ آنجناب نے ایک تو یہ فرما کر انکوائری سے معزرت کر لی کہ اُن کے ماتحت تو صرف تحصیلدار ہیں اور اُنہوں نے یہ معاملہ دوبارہ ڈپٹی کمشنر صاحب کو ریفر کر کے سائل کی زیرِ تجویز ایک انکوائری کمیٹی کی طرف اُن کی توجہ دلائی جس میں محکمہ ھذا سے باہر کے لوگ بھی ہوں مثلاً نادرا، FIA، محکمہ پٹوار متعلقہ، محکمہ پولیس، محکمہ تعلیم اور عدالتوں سے متعلقہ لوگ بھی شامل ہوں جو کہ ڈپٹی کمشنر صاحب نے اپنے اختیارات کا سراسر غلط اور ناجائز استعمال کرتے ہوئے معاملہ دبا دیا اور یہاں کے سینئر سرکاری وکیل یعنی

انکوائری رپورٹ سے لف کیوں نہ کی گئی اگر سائل کی درخواستیں جھوٹی اور بے بنیاد ہیں؟

عبدالبصیر افغانی صاحب کے جاننے والے پورے ملک بشمول فیصل آباد میں بھی کئی لوگ ہیں جنہوں ڈی آئی خان کی نابینا ایسوسی ایشن کی بنیاد رکھی تھی مگر وہاں کی تنظیم سے اُن کے کچھ اختلافات پیدا ہونے کی بنا پر وہاں کے لوگوں نے اُن کی افغان قومیت کو چیلنج کر دیا تھا جس کی بنا پر اُنہوں نے اپنا تبادلہ یہاں کروالیا تھا اور 1996 میں ایبٹ آباد کے اِس ادارہ میں پناہ لی مگر 2011ء میں جبکہ اُن کی ریٹائرمنٹ انڈر پراسیس تھی یا وہ ریٹائر ہو چکے تھے تو سائل کو اُن کی افغان قومیت خود اُن کی زبانی کنفرم ہو گئی تھی اور سائل سے اُن کے اختلافات بھی پیدا ہو گئے تھے چنانچہ سائل نے اُن کی قومیت/شہریت کو FIA میں چیلنج کر دیا۔ سائل کو اِس بات کا بخوبی اندازہ تھا کہ محکمہ ھذا نے اُن کے حوالے سے حسب معمول کوئی کاروائی نہیں کرنی بلکہ محکمہ کی طرف سے اس بابت سائل پر شدید دباؤ ڈالا گیا اور اب تو محکمہ کی ساری صورت حال کُھل کر سامنے آچکی ہے۔ بدیں وجہ بدوران اپیل سائل نے جملہ ریکارڈ معزز سروس ٹریبونل بینچ کے سامنے رکھتے ہوئے یہ استدعا کی تھی کہ اِس محکمہ کو سائل کی انکوائری ریفر نہ کی جائے مگر بدقسمتی سے عدالت نے اِس پر سکوط اختیار کرتے ہوئے De Novo انکوائری کا حکم صادر فرمایا اور وکلاء کا یہی کہنا تھا کہ De Novo انکوائری بہرحال محکمہ ھذا ہی کرے گا اور سائل کے تحفظات کو بدقسمتی سے کسی نے بھی ملحوظ نہ رکھا اور انکوائری افسر بھی بار ہا نخرے کرتے ہوئے کہتا رہا کہ ”آپ کی تو بہت سی خواہشات ہیں، بہت سی توقعات اور آرزوئیں ہیں انہیں ہرگز پورا نہیں کیا جاسکتا آپ کی تو یہ بھی خواہش ہے کہ کیمرے ہوں، نادرا اور FIA کو بھی شامل انکوائری کیا جائے، پٹوار متعلقہ اور اکاؤنٹ افسر کو بھی شامل کیا جائے وغیرہ وغیرہ“ وہ یہ باتیں ایسے کر رہا تھا گویا سائل کی ذات پر احسان کر رہا ہو۔

☆ جناب والا! آپ کس ضلعی انتظامیہ کی بات کرتے ہیں؟ وہ ضلعی انتظامیہ جو اِن کے ساتھ اِس قدر ملی بھگت کا مظاہرہ کر رہی ہے کہ سائل کے پاس اِس بات کے ٹھوس ثبوت موجود ہیں کہ اِن کی طرف سے نہ صرف کرونا SOPs کی سنگین خلاف ورزیوں کو نظر انداز کیا جاتا ہے بلکہ اِن کے ایسے پروگراموں میں کمشنر جیسی بڑی بڑی شخصیات بھی شرکت کرتی ہیں اور مورخہ 05-02-2021ء کو قومی یومِ کشمیر کے موقع پر چونکہ مہمان خصوصی جناب چیف سیکرٹری صاحب خیبر پختونخواہ پشاور تھے۔ بدیں وجہ بار بار اُن کی آمد سے قبل لاؤڈ سپیکر پر اعلانات کیئے جا رہے تھے کہ چونکہ چیف سیکرٹری صاحب نے آنا ہے لہذا کرونا SOPs کا خیال رکھا جائے وگرنہ مورخہ 15-10-2020ء عالمی یومِ تحفظ سفید چھڑی جس کے پروگرام کی ریکارڈنگ مکمل طور پر سائل کے پاس محفوظ ہے اور جس میں کمشنر ہزارہ ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد جیسی شخصیات موجود تھیں اُس میں کہیں بھی یہ اعلان سامنے نہ آیا اور شاید ذرائع ابلاغ نے یہ تصویر کشی بھی کی ہو کہ کرونا SOPs کو بالکل بھی ملحوظِ خاطر نہیں رکھا گیا۔

مختصر یہ کہ سائل نے ڈپٹی کمشنر کو اِن لوگوں کے خلاف جو درخواستیں جمع کروائیں یا جو درخواستیں کمشنر اور ڈپٹی کمشنر سے ہوتی ہوئی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کے دفتر میں آتیں تو چونکہ اِنہوں نے کمشنر کے ساتھ ملی بھگت کر رکھی تھی اور سابق کمشنر کی بیگم کی نظر میں ایاز صاحب بڑے پسندیدہ تھے اور اُن کے نجی ادارہ کی Donor بھی تھیں۔ چنانچہ کمشنر نے اپنی ماتحت کمشنری کو یہ حکم دیا کہ جیسا یہ لوگ کہتے ہیں ویسا ہی کرو اور جیسا کہ کمشنر کو لکھی گئی درخواست بہت واضح تھی کہ نابینا اداروں کے ہاسٹلز میں بڑے نابینا افراد اور مقامی نابینا بچوں کو بھی رہنے کی اجازت نہیں اور اِسے غیر قانونی قرار دیا جاتا ہے مگر بینا افسران، کلرکس اور درجہ چہارم ملازمین ہاسٹل میں رہتے ہیں تو فوری چھاپہ زنی کے ذریعے اِن کی گرفت کی جائے اور سائل نے یہ بھی واضح کر دیا تھا کہ اِس محکمہ کے سب ہی لوگ اوپر سے نیچے تک ملے ہوئے ہیں اور اگر کوئی انہیں بُرا سمجھتا بھی ہے تو کوئی بھی کُھل کر سوائے سائل کے ان کے مقابلہ میں آنے کی جرت نہیں کرتا۔ چنانچہ سائل نے کمشنر کو دادرسی کے لئے اپیل کی مگر اُس نے وعدہ خلافی کرتے ہوئے معاملہ اِسی محکمہ کو